خوشگوار اور کامیاب زندگی کے لیے اپنے نام کے عدد سے
آگاہی حاصل کیجیے، علم الاعداد پر ایک معرکتہ الآرا کتاب

"علم الاعداد کی روشنی میں"

آپ کیا ہیں؟

9 4 3 1 6 8 5 2 0 7

ایم عرفان علی

خوشگوار اور کامیاب زندگی کے لیے اپنے عدد سے آگاہی حاصل کیجئے

علم الاعداد پر ایک معرکتہ الآراء کتاب

"علم الاعداد کی روشنی میں"

آپ کیا ہیں؟

تحریر و تلخیص:۔ ایم عرفان علی

خالد کتاب گھر

نیو اردو بازار کراچی فون نمبر:-7725242

علم لاعداد اور سیارے

بروج کا تعارف

نمبر شمار	عربی	سنسکرت	یونانی	علامت	عدد	سیارہ
1	حمل	میکھ	ARIES	مینڈھا	9	مریخ
2	ثور	برکھ	TAURUS	بیل	6	زہرا
3	جوزا	متھن	GEMINI	دو جڑواں بچے	5	عطارد
4	سرطان	کرکک	CANCER	کیکڑا	7-2	قمر
5	اسد	سنگھ	LEO	شیر	4-1	شمس
6	سنبلہ	کنیا	VIRGO	دوشیزہ	5	عطارد
7	میزان	تلا	LIBRA	ترازو	6	زہرا
8	عقرب	بر بچک	SCORPIO	بچھو	9	مریخ
9	قوس	دھن	SAGITTARIUS	تیرانداز	3	مشتری
10	جدی	مکر	CAPRICORN	بکری	8	زحل
11	دلو	کنجو	AQUARIUS	مشکیزہ بردار	8	زحل
12	حوت	مین	PISCES	دو مچھلیاں	3	مشتری

اعداد اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات

کاؤنٹ کیرو کا نام محتاج تعارف نہیں، وہ عظیم الشان منجم، حیرت انگیز دست شناس اور ماہر علم الاعداد تھا۔ اس نے علم الاعداد کے گہرے مطالعے کے بعد ثابت کیا کہ یہ انسانی زندگی پر انداز ہوتے ہیں، آگے چل کر وہ کہتا ہے کہ منطقۃ البروج کی تعداد بارہ (12) ہے۔ اعداد مفرد بھی ہیں اور مرکب بھی، مفرد اعداد 1 سے 9 تک ہیں۔ 10 کا عدد پھر 1 کی تکرار ہے۔ صفر کوئی عدد نہیں، جس طرح اعداد 9 ہیں، اسی طرح نظام شمسی کے سیارگان کی تعداد بھی 9 ہے۔

ہر سیارے کا اپنا مخصوص عدد ہے جو انسان کی صلاحیت پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اعداد سے انسان کی وہ حیثیت نمایاں ہوتی ہے، جو اس کی لوگوں کی نگاہوں میں ہوتی ہے۔ ساتھ ہی ان پوشیدہ اور پراسرار طاقتوں کی نشاندہی ہوتی ہے جو ایک شخص کے کردار کا پس منظر ہوا کرتی ہے۔ درحقیقت کاؤنٹ کیرو نے دیگر پراسرار علوم کی طرح اس پر بھی سیر حاصل معلومات فراہم کی ہیں۔

دنیا کے دیگر ماورائی اور پراسرار علوم کی طرح علم الاعداد بھی اہمیت وحیثیت کا حامل ہے، یہ علم! انسانی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ ہماری روزمرہ کی زندگی میں اعداد کے منفی ومثبت خواص جلوہ فگن نظر آتے ہیں۔ ان کے نحس اثرات ہمیں مختلف، مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا کرتے ہیں، تو دوسری جانب مثبت اثرات خوشگواریت کامیابی اور کامرانی سے روشناس کراتے ہیں۔ اگرچہ ہمیں اس کا احساس کم ہی ہوتا ہے۔

اعداد کے ہر دو پہلو اور خواص، انسان کی بنیادی زندگی میں اہم تغیرات کا سبب بنتے ہیں۔ یہ عمل ازل سے جاری ہے اور ابد تک جاری وساری رہے گا یہ عمل عدد 1 سے عدد 9 تک مفرد اعداد پر محیط ہے جو ہماری پوری کائنات کا احاطہ کرتے ہیں۔ اس علم پر غور وفکر اور متوجہ

ہونے والی غالباً پہلی شخصیت "الخوارزمی" کی تھی۔ انہوں نے ہی اعداد کے اثرات پر غور کیا، ان کے منفی ومثبت خواص پر گہری توجہ دی اور پھر نتائج اخذ کرنے کے بعد دنیا کو اس سے آگاہ کیا کہ یہ بامعنی علم ہے اور اس سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ اور یوں علم مذکورہ اہمیت کا حامل قرار پایا۔ بلآخر دنیا کی تمام متمدن قوموں نے اعداد کی خصوصیت واہمیت کو نہ صرف تسلیم کیا بلکہ فوائد حاصل کرنے کے ساتھ ہی اس علم کی ترقی وترویج کا باعث بنیں۔

عہد قدیم میں بابل ونینوا کے باسیوں سے ترقی کی منازل طے کرتا ہوا یہ علم آریاؤں، عبرانیوں، کلدانیوں، مصریوں اور یونانیوں تک پہنچا۔ ہر نسل اور ہر دور کے لوگوں نے اپنی فہم وفراست کے مطابق اس کی ترویج وترقی میں حصہ لیا مگر اس علم کی ترقی میں اہم وبنیادی کردار عربوں کا نظر آتا ہے کیونکہ عربوں نے ہی موزوں اور متوازن طریقے سے علم الاعداد کے اصول وضوابط قواعد وقوانین اور عمدہ طریقہ کار کا تعین کیا۔ اور آج بھی نہ صرف انہی کے بتائے ہوئے اصول کارفرما نظر آتے ہیں۔ بلکہ انہی کی مرتب کی ہوئی "اعداد کی ابجد" علم الاعداد میں مروج ہے۔

زمانہ قدیم کے ہندوستانیوں نے بھی اس علم پر بلاشبہ اچھا خاصا کام کیا۔ لیکن......حروف کو اعداد میں تبدیل کرنے کا ان کا اپنا ہی مخصوص طریقہ کار رہا۔ انہوں نے برسوں کی تحقیق کو اپنے سینوں تک محدود رکھا۔ یہاں تک کہ اس علم پر اوہام پرستی، دیوی، دیوتا اور ڈھونگ کے لبادے چڑھا کر صرف اپنے لیے مخصوص ومحدود کر لیا اور یوں یہ علم پنڈتوں، پجاریوں اور پروہتوں تک محدود رہا اور عام آدمی کو اس کی ہوا بھی نہیں لگنے دی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ طویل ترین عرصہ دراز کے بعد اس علم کی از سر نو مختلف طریقوں سے چھان پھٹک اور تحقیق وتنوع ہوئی۔

عموماً ہر بات اور ہر چیز کے دو رخ ہوتے ہیں، بالکل اسی طرح اعداد بھی ہر دو پہلو کے حامل ہوتے ہیں یعنی مثبت اور منفی، بہرحال اثرات رکھتے ہیں۔ اس کتاب کو لکھنے کی تحریک صرف اسی وجہ سے محسوس کی گئی کہ اپنے عدد کی خصوصیت پڑھنے کے بعد ہاتھ پر

ہاتھ رکھ کر نہ بیٹھ جائیں یا پھر قسمت کو دوش دینے لگیں کہ ہمارے تو نصیب میں یہی لکھا ہے ۔یا پھر فلاں شخص کے نام کا عدد میرے نام کے عدد سے نہیں ملتا اب اس میں میرا کیا قصور......" آپ کی اسی سوچ کے تدارک کے لیے ہمیں اس موضوع پر قلم اٹھانا پڑا۔

علم الاعداد پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔لیکن ہر ایک کا اپنا نکتۂ نگاہ ہے ہمارا موضوع بہر حال دوسروں سے مختلف ہے اور وہ یہ کہ اعداد کے خواص ہونے کے باوجود آپ ان کے منفی اثرات سے کیسے چھٹکارا پائیں۔اور مثبت خوبیوں کو اپنا کے اپنی زندگی کو کس طرح کامیاب وخوشگوار بنا سکتے ہیں۔یاد رکھئے کہ اس سارے معاملے میں حتمی کردار خود آپ کا اپنا ہے۔عزیز واقارب، رشتہ داری، دوستی، جیون ساتھی کا انتخاب یا پھر ازدواجی زندگی کے لیے حالات کو سازگار بنانے میں آپ کو کیا کردار ادا کرنا چاہیے جس سے ہر دلعزیز اور کامیابی کے اثرات آپ کی زندگی پر مرتب ہوں۔اس کتاب کے ابتدائی باب "اعداد کا طلسم کدہ" میں یہی بات مثالوں کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔کتاب لکھنے کا بنیادی مقصد بھی یہی ہے کہ آپ کی تعمیر اور بنیادی تبدیلیاں آپ کے دشمنوں کو بھی آپ کا دوست بنا سکتی ہیں ۔شرط یہی ہے کہ ہماری گزارشات پر غور کر کے عمل کریں۔کیونکہ حتمی فیصلے کے مجاز آپ ہی ہیں اور کامیابی کے تمام راستے آپ کے منتخب کردہ طریقۂ کار کے دروازے سے ہو کر آپ تک آتے ہیں مثبت تغیر وتبدیلی کا عمل مشکل ضرور ہے۔لیکن ناممکن نہیں۔

حال کو کامیاب بنانا تو اپنی جگہ، یہ وہ علم ہے جس سے آپ تھوڑی سی کوشش سے اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ مستقبل کی آگاہی حاصل کرنا اس علم کی روشنی میں چنداں مشکل نہیں۔ روشن مستقبل اور عمدہ کامیابی آپ کے عمل اور صوابدید پر منحصر ہے۔کوشش آپ کیجئے۔کامیابی اللہ تعالیٰ دے گا۔

خیر اندیش۔طالب دعا...... ایم عرفان علی

اعداد کا طلسم کدہ

اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز بے مقصد پیدا نہیں کی، ہر چیز کی اپنی خوبیاں اور خامیاں موجود ہیں، کچھ سے ہم واقف ہوتے ہیں اور کچھ سے ناواقف، اس کے باوجود ان چیزوں کی ٹھوس حقیقتوں سے انکار نہیں کیا جا سکتا، آج اکیسویں صدی میں جب کہ انسان تسخیر ماہتاب کے بعد مریخ و دیگر سیاروں پر کمند ڈال رہا ہے، خود اپنے ہی کرۂ ارض کی بیشتر چیزوں سے واقفیت حاصل نہیں کر سکا ہے، مثلاً مختلف علوم کی افادیت و حقیقت اور ان کی موجودگی سے انکار ممکن نہیں، وہ پراسرار علوم جو قرون اولیٰ اور قبل مسیح سے کسی نہ کسی انداز میں چلے آ رہے ہیں، اگر مفروضوں پر قائم ہوتے تو صدیوں پہلے مٹ چکے ہوتے...... لیکن ...... ان علوم کی آج بھی موجودگی انکی حقیقت اور اصلیت ثابت کرنے کے لئے کافی ہے۔

ستاروں اور برجوں کی طرح علم الاعداد بھی اپنی جگہ ٹھوس حقیقت کا حامل ہے، بات صرف سمجھ اور ادراک کی ہے، اگر کسی علم سے اپنی یا دیگر افراد کی جو آپ کے حلقہ احباب میں آتے ہیں، اصلاح کرنے کی تحریک ملتی ہے، تو ہمیں ضرور توجہ دینی چاہیئے، ہر چیز کے دو رخ ہوتے ہیں، مثبت یا منفی پہلو، اگر آپ اپنی اصلاح کرنے میں مخلص ہیں تو ہر بات کے مثبت پہلو کو اپنا لیجئے، کامیابی آپ کا مقدر ہو گی۔ علم الاعداد کے حوالے سے ہر عدد اپنی بھرپور خصوصیت اور اہمیت رکھتا

ہے، دیگر علوم اور حقائق کی طرح اس میں بھی خداوند کریم کی حکمت پوشیدہ ہے، حضرت انسان کو دل و دماغ اور حواس خمسہ جیسے اوصاف سے مرصع کر کے اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوق بنایا، تاکہ وہ اپنی سمجھ بوجھ سے اس کرۂ ارض کی اشیاء کو اپنے تصرف میں لائے، اور کرۂ ارض سے نکل کر کائنات کی تسخیر کرے۔ اس میں شک نہیں کہ انسان میں بہت سی بشری کمزوریاں ہیں، جن سے آگاہی کے بعد انہیں دور کرنے کی کوشش کی جاسکتی ہے، آپ کی تھوڑی سی توجہ، ہمت اور دلچسپی سے حالات خوشگوار اور پر مسرت ہو سکتے ہیں، حلقۂ احباب میں تعمیری اور مثبت تبدیلی آسکتی ہے، خود آپ کی شخصیت ہر دل عزیز ہو سکتی ہے تو پھر دیر کیوں......؟

علم الاعداد کی خصوصیت اور اہمیت مسلم ہے، کچھ اعداد آپ کے نام کے عدد کے دوست ہوتے ہیں تو کچھ مخالف اور کچھ غیر جانبدار، یہ اعداد اپنے خواص کے ساتھ بھرپور طریقے سے آپ کی زندگی میں اپنا اثر دکھاتے ہیں، یہ اثرات مثبت بھی ہوتے ہیں اور منفی بھی...... اس کتاب کو تحریر کرنے کا مقصد صرف یہی ہے کہ میاں بیوی میں، دوست احباب میں، محب اور محبوبہ میں، عزیزوں اور رشتہ داروں میں ہم آہنگی ہو، خواہ ان کے نام کے اعداد ایک دوسرے کے مخالف ہی کیوں نہ ہوں، ہر مشکل کا آسان حل موجود ہے، کسی بھی رشتے میں سب سے پہلے خود آپ اپنی کوتاہیوں کو دور کریں اور دوسروں کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو نظر انداز...... محبت اور درگذر سے کام لیں، انتقامی جذبات سے جان چھڑائیں، مخاطب کی بات توجہ اور ہمدردی سے سنیں، خواہ وہ آپ کی بیوی ہو یا بھائی یا پھر دوست واحباب، پہلے اس کی بات پر بھرپور توجہ دیں، مخاطب کی گفتگو کے دوران

نہ بولیں صرف اپنا سر اثبات میں ہلاتے رہیں اور جب وہ خاموش ہو جائے تو اسے تحمل مزاجی سے صحیح اور درست مشورہ دیں، اس طرح کہ وہ آپ سے خوش اور مطمئن ہو جائے۔

یاد رکھیئے! انسان اشرف ہے، اور ہر بات کا اختیار اس کے پاس موجود ہے، آپ کا فیصلہ، رویہ اور عمل اس بات کا مظہر ہوگا کہ آپ کامیاب ہوتے ہیں یا ناکام، اب یہ آپ کی صلاحیتوں پر منحصر ہے، کامیابی مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں، اعداد کے مثبت اور منفی خواص اپنی جگہ، انسان میں اتنی قوت اور صلاحیت بہرحال موجود ہے کہ ناموافق حالات کو اپنے حق میں موڑ سکے اور اس امر کے لئے عمل مسلسل اور قوت ارادی کی ضرورت ہے۔

(۱) محبت کا معیار

جب کوئی بچہ بلوغت کی منزلیں طے کرتا ہوا نوجوانی کی حدود میں داخل ہوتا ہے تو دوسرے تمام فرائض اور ذمہ داریوں سے زیادہ اس بات کو اہمیت دیتا ہے کہ زندگی گزارنے کے لئے اس کا کوئی محبوب ہو، وہ جلد از جلد اپنے محبوب کا انتخاب کرے، اپنی دنیا میں مگن رہتے ہوئے یہ ذمہ داری وہ از خود اپنے سر لیتا ہے، اور اس کے لئے وہ مختلف طریقے اختیار کرتا ہے، مثلاً جب وہ کسی کالج کے قریب بس اسٹاپ پر پہنچتا ہے تو اس کے ذہن میں کوئی خاص تصور نہیں ہوتا، اسے محبت کرنے والے کی تلاش ہوتی ہے اور وہ کوئی بھی لڑکی ہو سکتی ہے، جس لڑکی سے سب سے پہلے بات کرنے کا موقع مل جائے وہی اس کی محبوبہ بن جاتی ہے۔ یوں یہ سلسلہ چل پڑتا ہے، فی زمانہ محبت کا یہی معیار ہے اور محبوب کے

انتخاب کا آسان طریقہ یہی سمجھا جاتا ہے۔ جو لوگ پہلے عمل کرتے ہیں اور بعد میں سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں، وہ یا تو کام کو خراب کر دیتے ہیں، یا اسے ادھورا چھوڑ کر پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔

(۲) محبت کے رنگ

جب محبت کا ذکر آئے تو ذہن میں ایثار و قربانی کا تصور ہونا چاہیئے، کیونکہ یہ آفاقی جذبہ ہے لیکن موجودہ زمانے کی حقیقت یہ ہے کہ محبت کا تصور صرف ازدواجی زندگی کو گردانا جاتا ہے، ہر شخص اپنے نفس کی تسکین کے لئے محبت کا لفظ استعمال کرتا ہے۔ اور نفسانی خواہش کی تکمیل کے لئے ہی محبت کرتا ہے اور اسی خواہش کے زیر اثر زندگی گزارتا ہے، محبت نہ ہوئی نفس کی ضرورت ہوئی۔ جس طرح خواہشوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، اسی طرح محبت کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اپنے انداز بھی بدلتا رہتا ہے اور محبوب بھی، کیونکہ محبت اور ضرورت میں فرق ہوتا ہے، فی زمانہ اسی کو محبت کا نام دیا گیا ہے اور یہی محبت کا معیار اور محبت کے رنگ سمجھے جاتے ہیں۔

(۳) ازدواجی تعلقات

اگر آپ شادی شدہ ہیں تو ذرا غور کریں کہ ایک لڑکی، اپنے والدین، بہن بھائیوں سہیلیوں، رشتہ داروں اور اپنے مخصوص ماحول کو چھوڑ کر آپ کے عقد میں آئی اور بیوی کہلائی، یہی بیوی دنیا کی وہ مخلوق ہے کہ آپ جس نگاہ سے دیکھیں گے، ویسی ہی نظر آئے گی، شوہر کی ضرورت کے وقت اس سے زیادہ

حسین اور خوبصورت دنیا کی کوئی اور عورت نہیں ہوتی، تاہم یہی بیوی غصے اور تکرار کے وقت آپ کو دنیا کی سب سے بڑی چڑیل نظر آئے گی۔

فرض کیجئے آپ کی بیوی کا نام یاسمین ہے اور یاسمین ایک پھول بھی ہے، دونوں کو ایک ہی نام سے پکارا جاتا ہے، جیس طرح یاسمین کا پھول اپنی خوشبو بکھیرتا ہے، وہ آپ کو خوبصورت اور حسین ہی نہیں بلکہ اچھا بھی لگتا ہے، اس کی بھینی بھینی خوشبو اور مہک آپ کی روح کو تازہ کر دیتی ہے، بالکل اسی طرح اپنی بیوی یاسمین سے بھی یہی توقع رکھیں، خود اس کی اس کے کام کی مناسب الفاظ میں تعریف کریں تو پھر اپنی بیوی یاسمین کے نئے رخ اور نئے انداز آپ کو متحیر کر دیں گے اور وہ بھی پھول ہی کی طرح حسین و جمیل اور خوبصورت نظر آئے گی، بشرط کہ آپ وہی چاہت بھری پسندیدہ نگاہ بیوی پر ڈالیں۔ جس چاہ، محبت اور انہماک سے آپ نے پھول کو دیکھا تھا۔

مثال کے طور پر، اعداد کے خواص کے پیش نظر، کوئی شوہر اس بات سے بدظن ہو کر اور دلبرداشتہ ہو کر اپنی بیوی سے بے اعتنائی برتنے لگے یا اختیار کرے کہ اس کے نام کا عدد اور اس کی بیوی کے نام کا عدد ایک دوسرے کا مخالف عدد ہے، اور مفروضہ قائم کر لے کہ ان دونوں میں رفاقت، ہم آہنگی اور دوستی ہو ہی نہیں سکتی، تو یہ کوئی مناسب بات یا ردعمل نہ ہوگا، اگرچہ عدد کی خصوصیت سے انکار نہیں، آپ سب کچھ جانتے ہوئے بھی حالات پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور یہ اس طرح ممکن ہوگا کہ آپ اپنے انداز اور اطوار میں خوشگوار اور تعمیری تبدیلی لائیں، ہر منفی ردعمل کا جواب مثبت انداز میں دیں اگر آپ ایسا

کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں تو بازی پلٹ سکتے ہیں، کیونکہ حتمی فیصلہ آپ کے مثبت طور طریقوں پر منحصر ہے۔

(۴) ازدواجی تسکین

ایک گھر میں تمام تر خوشحالی اور فراوانی موجود ہے اللہ تعالیٰ نے دنیا کی تمام آسائشیں دی ہوئی ہیں، کسی چیز کی کمی نہیں، اس کے باوجود آپ کا لائف پارٹنر الجھا الجھا غیر مطمئن اور رنجیدہ رہتا ہے۔ (خواہ آپ شوہر ہوں یا بیوی) کیوں......؟ کوئی اس سے پوچھتا نہیں اور توجہ دیں کہ وہ کون سا امر ہے جس سے آپ کی بیوی رنجیدہ اور غیر مطمئن رہتی ہے آپ اس گرہ کو کھولیں اپنی بیوی سے محبت کا اظہار کریں اس سے اس کی پرابلم شیئر کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ بات نہ بنے...... بالکل اسی طرح اگر آپ بیوی ہیں تو اس بات پر توجہ دیں کہ آپ کا شوہر رنجیدہ اور غیر مطمئن کیوں رہتا ہے، تمام آسائشیں حاصل ہونے کے باوجود وہ خوش کیوں نہیں نظر آتا، آپ کی ہلکی سی مسکراہٹ اور محبت بھری نظر مسئلہ کو حل کرنے میں آب حیات کا کام دے گی، شوہر کو لگاوٹ بھرے انداز میں اپنایت کا احساس دلایئے وہ سارے پرابلم بھول کر آپ کا مطیع اور دیوانہ ہو جائے گا۔ یاد رکھیئے ازدواجی تسکین جب ہی حاصل ہوگی جب دونوں فریق اپنی اپنی ذمہ داری خلوص، چاہت، محبت اور ایمانداری سے نبھائیں، اعداد کے اچھے برے اثرات اپنی جگہ، ذہن الجھا ہوا غیر مطمئن اور پراگندگی کا شکار ہو تو جسم حاصل کرنے کے باوجود تسکین تو کیا خاک حاصل ہوگی، مزید خلجان بڑھ جائے گا، اور آپ ان تمام

تر حالات اور واقعات کی ذمہ داری قسمت یا پھر اعداد کے خواص پر ڈال کر بری الذمہ ہونے کی کوشش کریں گے، اپنے نامناسب رویہ پر آپ کی نگاہ نہیں جائے گی کہ آپ لائف پارٹنر کے ساتھ جو سلوک روا رکھے ہوئے ہیں وہ مناسب ہے یا نامناسب تو اس میں نجوم اور اعداد کے خواص کا کیا قصور، آگ کا کام جلانا ہے آپ جلتی ہوئی آگ میں ہاتھ ڈالیں گے تو وہ جلے گا۔

علم الاعداد کے ہر عدد کی خصوصیت اور اہمیت مسلم ہے، انسان میں مثبت اور منفی دونوں ہی جذبات ہیں، آپ کا مثبت فیصلہ اور مناسب طرز عمل ہی حالت کو سدھارنے میں حتمی ثابت ہوگا، منفی انداز سے پہلو تہی کریں، ہر معاملے میں کامیابی آپ کی صوابدید پر ہے، اگر آپ سمجھیں تو......

اعداد کے خواص کو دیکھتے ہوئے، آپ حالات کے دھارے میں نہ بہیں، بلکہ حالات کو اپنا تابع رکھیں، بشر کے لئے کوئی چیز ناممکن نہیں، اسے اللہ تعالیٰ نے بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے، اپنی قوت ارادی کو استعمال میں لائیں، درگزر کو شعار بنائیں۔ تو دیکھئے کتنی خوشگوار تبدیلی کی کہکشاں پھوٹتی نظر آئے گی اور آپ زندگی میں کامیابی کو اپنے کتنے نزدیک محسوس کریں گے۔

(۵) شریک حیات کا انتخاب

اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں اور اپنے لئے شریک حیات کا انتخاب کرنا چاہتے ہیں، یا کسی لڑکی سے محبت کرتے ہیں اور اسے اپنا لائف پارٹنر بنانا چاہتے ہیں، تو علم الاعداد اور نجوم سے ضرور آگاہی حاصل کریں کامیابی کا تناسب بڑھ

جائے گا، اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا جو آپ کی تقدیر میں ہو گا وہ ملے گا ضرور، آپ شریک حیات کا انتخاب ضرور کیجئے، لیکن اہمیت اس بات کی ہے کہ آپ کے اندر اپنے...... محبوب یا محبوبہ کی بات سننے اور ماننے کی صلاحیت کتنی ہے...... اور اگر...... آپ میں یہ صلاحیت نہیں ہے تو پھر...... آپ کا گزارہ کسی کے ساتھ نہیں ہو گا، خواہ اس کے نام کا عدد، آپ کے نام کے عدد کا کتنا بھی دوست ہو، تو بات آئی آپ کے رویئے پر، آپ کی تعمیری سوچ اور مثبت رویہ اعداد کے خواص پر مقدم ہے۔ (اس بات کو اچھی طرح نوٹ کر لیں) تحمل مزاجی، میانہ روی اور درگذر وہ واقعات ہیں جنہیں خوشگوار زندگی کے لئے کلیدی حیثیت حاصل ہے، اگر آپ میں یہ صلاحیتیں موجود ہیں یا پیدا کر سکتے ہیں...... تو...... کارزار زندگی کی باقی تمام سیڑھیاں کامیابی و کامرانی سے چڑھتے چلے جائیں گے، باقی رہی سمجھ بوجھ تو وہ اللہ تعالیٰ دیدے گا۔

(۴) دوستی کا معیار.

ایک اچھا انسان اپنے اخلاق و کردار سے کسی کو بھی اپنا دوست بنا سکتا ہے، جن میں والدین، بہن بھائی، رشتے دار، اہل محلہ، کلاس فیلو اور ملازمت پیشہ بھی شامل ہیں۔ مگر بات کچھ عجیب سی ہے، ہمارے معاشرے میں صرف اچھے تعلقات اور ہاں میں ہاں ملانے کو دوستی کا نام دیا جاتا ہے (حالانکہ یہ دوستی کے زمرے میں نہیں آتا) اگر کوئی شخص کسی کی بات سے انکار کرے، یا جائز اعتراض کرے تو عام طور پر اسے دوست کے بجائے دشمن سمجھا جاتا ہے، دوست وہ ہے

جو سچی بات کہے اور سچ بہر حال کڑوا ہوتا ہے، عمر حاضر میں دوستی اور دشمنی کا فرق صرف خوشامد اور اطاعت میں ہے، خوشامد کرنے والے کو دوست اور سچ بولنے والے کو دشمن گردانا جاتا ہے، یعنی غیر ضروری تعریف کرنے والا دوست ہوا، جب کہ اختلاف رائے اور تعمیری صحت مند تنقید کرنے والا دشمن ٹھہرا۔ یاد رکھیئے مخلص دوست قسمت والوں کو ملتے ہیں دوست وہی جو آپ کو اچھائی برائی کی پہچان سے آگاہ کرے، ہاں میں ہاں ملانے والا اور خوشامدی آپ کا دوست نہیں ہوسکتا۔ جو لوگ ان باتوں پر توجہ نہیں دیتے وہ نقصان ضرور اٹھاتے ہیں، دوستی کرتے وقت اپنا اور اپنے مجوزہ دوست کا معیار ضرور دیکھیں، ہمیشہ کامیاب رہیں گے اور دوستی بھی پائیدار ثابت ہوگی۔ علم الاعداد کے دونوں خواص اپنی جگہ، لیکن آپ کے تعمیری انداز و اطوار حتمی ثابت ہوں گے۔

(۷) بزنس پارٹنر کا انتخاب

آج بزنس پارٹنر کے لئے معیار دولت ہے ایمان نہیں، یہ بڑی کڑوی حقیقت ہے، جسے ہضم کرنا خاصہ مشکل ہے، غور کیجئے کہ اگر آپ کسی کاروبار کو شروع کرتے ہیں اور آپ کو پارٹنر کی ضرورت ہے تو آپ اس کی مالی حالت ضرور دیکھیں گے کہ آپ کا پارٹنر آپ کے کاروبار میں کتنی رقم لگا سکتا ہے تو یوں انتخاب کا معیار دولت ہوا، جب کہ ہونا تو یہ چاہیئے کہ آپ دولت کے ساتھ ساتھ اس کے کردار اور ایمانداری کو بھی پیش نگاہ رکھیں، لیکن ہوتا یہی ہے کہ ایمانداری پر توجہ نہیں ہوتی بلکہ دولت کو ہی مدنظر اور معیار سمجھا جاتا ہے، ایسی صورت میں کامیابی کم اور پریشانی زیادہ ہوجاتی ہے، اس سے یہ مطلب نہیں کہ آپ کاروباری شراکت

داری نہ کریں، ضرور کریں، مگر کاروبار شروع کرنے سے پہلے اپنے بزنس پارٹنر کی عادات واطوار سے بخوبی واقف ہوں، مثال کے طور پر دولت کے ساتھ ہی اس کے کردار اور ایمانداری کو پرکھیں، سارے ہی دولت مند کاروباری پارٹنر بے ایمان نہیں ہوتے، دولت کے ساتھ اپنے پارٹنر کا مزاج کردار اور ایمانداری کو مدنظر ضرور رکھیں اگر آپ ایسا نہیں کرتے ہیں تو غلطی آپ کی اپنی ہوئی، اور آپ علم الاعداد کو یا ستارہ شناسی یا پھر قسمت کو دوش کیوں دیتے ہیں۔ اچھے اور مناسب کاروباری آدمی کا انتخاب کیجئے کوئی وجہ نہیں کہ آپ اپنے کاروبار میں کامیاب نہ ہوں، یہ چھوٹی چھوٹی باتیں آپ کے کاروبار کو بگاڑنے اور بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، اعداد کے خواص سے فائدہ اٹھائیں نقصان کیوں کرتے ہیں آپ نیک نیتی سے کاروبار شروع کیجئے کامیابی اللہ تعالیٰ دے گا۔

(۸) اعداد کے اثرات اور فرق

علم الاعداد کے منفی اور مثبت خواص اپنی جگہ بھرپور اثرات کے حامل ہیں، بات صرف ان کے فرق کو سمجھنے کی ہے، عدد کے اثرات اچھے بھی ہیں اور برے بھی، اس حقیقت سے تو انکار ممکن ہی نہیں، اصل مسئلہ یہ ہے کہ آپ کون سی راہ اختیار کرتے ہیں، ہر بات کا اختیار قدرت نے آپ کو تفویض کیا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ اگر حتمی ہیں تو آپ نے انداز واطوار تعمیری فیصلے اور آپ کا مثبت رویہ اور یہی اوصاف حالات کا رخ موڑنے کا سبب بنتے ہیں اور ہمیں کہنے دیجئے کہ آپ میں حالات کو سنبھالنے، ان پر قابو پانے اور اپنے حق میں موڑنے کی بھرپور اور مکمل صلاحیت موجود ہے، اپنی تعمیری سوچ کو اجاگر تو کریں، خالق کائنات

نے آپ کو تمام مخلوقات میں افضل ترین بنایا ہے، آپ کو خداوند کریم کی افضل و اشرف ترین مخلوق کا درجہ حاصل ہے اگر آپ ان باتوں کو تسلیم کرتے ہیں تو...... کیا آپ اعداد کے خواص کو اپنی مرضی کے تابع نہیں کر سکتے، بالکل ممکن ہے۔ (اس بات کو اچھی طرح نوٹ کرلیں) اپنے اندر تعمیری سوچ کو اجاگر کریں، تحمل مزاجی کو شیوہ بنائیں، یقین کیجئے حالات آپ کے حق میں بہتر ہوتے چلے جائیں گے......لیکن......آزمائش شرط ہے۔

مثال کے طور پر ڈاکٹر اور ڈاکو، دونوں کا عدد یکساں دونوں کا حرف اول ایک، لوگ ان کے قرب سے گھبراتے ہیں۔ (گھبرانے کا انداز جداگانہ ہوتا ہے) حالانکہ پہلا اس میں مسیحا ہے اور دوسرا درندہ......ڈاکٹر مثبت پہلو کا حامل جو لوگوں کی خدمت کرتا ہے، اور ڈاکو اسی عدد کا منفی پہلو جو قتل و غارت گری اور لوٹ مار کرتا ہے، عدد ایک ہی ہے۔ ایک تعمیری انداز میں چلتا ہے تو دوسرا تخریبی انداز میں، عدد کے خواص دونوں کرداروں میں موجود ہیں فرق ہے تو صرف اتنا کہ مثبت انداز میں چلنے والے کو معاشرے میں عزت اور توقیر سے دیکھا جاتا ہے جب کہ منفی سوچ پر چلنے والے کو لوگ نفرت و حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اپنے حلقہ احباب اور معاشرے میں دونوں کرداروں میں سے جو اپنانا چاہیں یہ آپ پر منحصر ہے، ہماری گزارش تو اول آخر یہی ہے کہ اعداد کی مثبت صلاحیتیں استعمال میں لائیں، تعمیر خود بخود ہو جائے گی۔

آگ کا کام جلانا اور گرمی پہنچانا ہے، یہ آپ کی صلاحیت پر منحصر ہے کہ آپ اسے کس طرح استعمال کرتے ہیں، انسان کے لئے آگ کتنی ضروری ہے

اس سے ہر بشر آگاہ ہے، لیکن یہی آگ آپ کو نقصان بھی پہنچا سکتی ہے۔ یہی گرمی ہم چولہے سے حاصل کرتے ہیں اور یہی گرمی سورج میں بھی موجود ہے، اگر کوئی شخص سورج کی گرمی سے چائے پکارنے کی کوشش کرے تو کیا اسے بے وقوف نہ کہا جائے گا...... اس لئے کہ...... سورج کا کام چائے پکانا نہیں۔ بلکہ فصل پکانا ہے۔ آگ میں بھی گرمی ہے اور سورج میں بھی گرمی۔ لیکن دونوں کے کام جدا ہیں، اثرات وخواص اپنی جگہ ہیں فرق صرف آپ کے سمجھنے کی ہے کہ کس چیز کو کہاں استعمال کیا جائے۔ اثرات اور خصوصیات اپنی جگہ پر موجود اپنی موجودگی کا احساس دلا رہے ہیں۔ کہنے کا مطلب یہ کہ کوئی بھی شخص اپنے مذہب یا دائرے میں رہتے ہوئے نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ امور زندگی انجام دے، منفی طرز عمل کو تعمیری سوچ سے شکست دے تو کامیابی ہی کامیابی ہے۔

یہ بالکل حقیقت پر مبنی بات ہے کہ اعداد اپنے منفی اور مثبت پہلو کے اثرات رکھتے ہیں، اور آپ کی زندگی پر ان کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں تاہم ان کے اثرات سے افضل اور حتمی آپ کا تعمیری کردار اور مثبت فیصلہ ہے، زندگی کے امور میں مفروضہ قائم کر کے نہ بیٹھ جائیں ورنہ زندگی جہنم بن جائے گی، حالات کو تعمیری انداز میں اپنے حق میں موڑنے کی کوشش کریں ہمت اور حوصلہ دینے والا اوپر اللہ موجود ہے۔

آج بھی اس دنیا میں ایسے انوکھے حقائق موجود ہیں جن کی عقلی توجیہہ پیش نہیں کی جا سکتی لیکن ان کی حقیقت اظہر من الشمس ہے بالکل اسی طرح ستارہ شناسی اور علم الاعداد بھی اپنی تمام تر خوبیوں، خامیوں، خواص اور حقائق کے ساتھ

موجود ہیں، اب یہ آپ کی صوابدید پر منحصر ہے کہ آپ ان علوم سے کس طرح استفادہ حاصل کر سکتے ہیں، یہ کتاب اور اعداد کا عمل حتمی نہیں اور نہ ہی مفروضوں پر زندگی گزاری جا سکتی ہے۔ عالم الغیب تو صرف خداوند کریم کی ذات بابرکات ہے۔ ان چند صفحات میں حتیٰ المقدور ہر بات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کی گئی ہے اور مشاورت و سوچ بچار و تحقیق کے ساتھ کی گئی ہے، یہ تفصیلی وضاحتیں آپ کو کسی بھی دوسری کتابوں میں نہیں ملیں گی۔ کتاب شروع کیجئے...... اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے، تو اس باب کو دوبارہ پڑھیں اور اس وقت تک توجہ سے بار بار پڑھیں کہ مفہوم آپ پر واضح ہو جائے۔ ہمیں کامل یقین ہے کہ "بات" آپ کی سمجھ میں آ جائے گی۔ (انشاءاللہ)

علم الاعداد، حروف تہجی اور اقسام

علم الاعداد بلحاظ حروف تہجی کہ جن کی تعداد 28 شمار ہے، ان کی اقسام اور قیمت کی ضرورت آپ کو قدم قدم پر پیش آئے گی، کسی بھی نام، تاریخ پیدائش یا مقام کا عدد معلوم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو حروف کی قیمت اور اقسام معلوم ہوں، اٹھائیس حروف تہجی کو چار قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے، یعنی آتشی، بادی، آبی اور خاکی، یوں ان چاروں اقسام کے سات سات حروف ہوئے۔

علم الاعداد میں بہت سے حروف کی قیمت کا تعین نہیں ہے، مثلاً "ب" کا عدد "2" ہے تو "پ" کے لئے بھی ہم "2" کو شمار کریں گے، اسی طرح "ٹ" کے عدد کو "ت" کے مساوی سمجھا جائے گا۔ "ڈ" اور "د" کے عدد بھی ایک ہی شمار

ہوں گے۔ ''چ'' کے لئے ''ج'' کی عددی قیمت رکھی جائے گی۔ ''ڑ'' اور ''ز'' بھی مساوی عدد کے ذمرے میں آتے ہیں۔ ''ژ'' اور ''ز'' کے عدد بھی مساوی ہیں اور ''گ'' کے لئے ہم حرف ''ک'' کے عدد استعمال میں لاتے ہیں، اس کے علاوہ مد (ٓ) ہمزہ (ء) اور چھوٹے الف (جیسے اللہ یار رحمٰن) وغیرہ کا کوئی عدد شمار نہیں کیا جاتا، مزید تفصیل و معلومات کے لئے جدول حروف ابجد کو غور سے دیکھئے۔ بات واضح طور سے آپ کی سمجھ میں آجائے گی۔

اگر آپ حروف ابجد کی جدول کا بغور معائنہ کریں گے، اور حروف کی قیمت یعنی عدد کا بطور خاص خیال رکھیں گے، تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کا حساب کتاب غلط ہو، حروف کے اعداد کی مدد سے آپ کسی بھی نام، مقام، پیدائش یا جگہ وغیرہ کا عدد معلوم کر سکتے ہیں، اس کے بعد اس عدد کے خواص، مثبت و منفی پہلو اور عادت و خصوصیت کا بغور مطالعہ کرتے ہوئے کہ اس عدد کا تعلق کسی سیارے اور برج سے ہے اور یہ کہ مذکورہ عدد، آتشی ہے یا بادی، آبی ہے یا خاکی۔ کسی بھی منطقی نتیجے تک پہنچ سکتے ہیں۔

کسی بھی نام یا تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنے کے لئے، متعلقہ لفظ کے تمام حروف کو الگ الگ لکھ لیا جاتا ہے۔ اور پھر ہر حرف کے ساتھ اس کے عددی قیمت تحریر کی جاتی ہے، اگر اعداد مرکب ہوں تو انہیں باہم جمع کر لیں، حتیٰ کہ مفرد عدد حاصل ہو جائے۔

جدول حروف ابجد نمبر 1

	ا۔آ	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
آتشی	1	5	9	40	80	300	700
	ب،پ	و	ی	ن	ص	ت،ٹ	ض
خاکی	2	6	10	50	90	400	800
	ج۔چ	ز،ژ	ک،گ	س	ق	ث	ظ
بادی	3	7	20	60	100	500	900
	د،ڈ	ح	ل	ع	ر،ڑ	خ	غ
آبی	4	8	30	70	200	600	1000

طریقہ اور اقسام

ہم نے حروف تہجی اس کے اعداد اور اقسام کا طریقہ و تذکرہ اس لئے شروع میں ہی کر دیا ہے کہ آپ کو کتاب کی ورق گردانی نہ کرنا پڑے، کیونکہ اس کی ضرورت حسب موقع زیادہ تر پیش آتی رہتی ہے، ستاروں، سیاروں اور بروج پر بھی نگاہ رکھیں کہ علم الاعداد اور بروج کسی نہ کسی حوالے سے باہمی ربط کا ذریعہ نظر آتے ہیں، جتنی توجہ اور شوق کے جذبے سے اس علم پر توجہ دیں گے، اتنی ہی تیزی سے کامیابی کے قریب تر ہوتے چلے جائیں گے۔

علم الاعداد ہو یا علم نجوم یا پھر ان سے متعلق دیگر کوئی بھی علم، ان سب میں سیاروں، ستاروں، بروج اور عنصر کا بطور خاص خیال رکھیں گے تو مطلوبہ نتائج حاصل

کرنے میں نا صرف کامیاب رہیں گے بلکہ کامیابی کی راہیں کھلتی چلی جائیں گی۔

نام کا عدد معلوم کیجئے

سب سے پہلے کسی بھی نام کا عدد معلوم کرنا، فرض کریں ہمیں ''کامران'' کا عدد معلوم کرنا ہے، اس کے لئے ہم حروف ابجد کے مطابق نام کے تمام حروف کے اعداد جمع کر کے اس کا مجموعہ معلوم کریں گے، پھر اس مجموعہ کو اکائی میں تبدیل کر کے نام کا عدد خاص حاصل کریں گے، یہاں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ کسی عدد کو مفرد بنانے کے عمل کو اکائی میں تبدیل کرنا کہتے ہیں۔ اب ''کامران'' کا عدد معلوم کرتے ہیں۔

ن	ا	ر	م	ا	ک
50	1	200	40	1	20

ان اعداد کو آپس میں جمع کرلیں، حاصل جمع نام کے اعداد ہوں گے۔

20+1+40+200+1+50=312 حاصل جمع۔

اب 312 کو باہم جمع کریں، اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں، جب تک ہمیں کوئی مفرد عدد حاصل نہیں ہو جاتا۔

6=3+1+2

''6'' دراصل ''کامران'' کے نام کی عددی قیمت یا مفرد عدد ہے، علم الاعداد کے حوالے سے یہ کامران کا لکی نمبر ہے، اور یہی اس کی قسمت کا عدد تسلیم کیا جائے گا، بالکل اسی طریقے سے آپ دوسرے افراد و خواتین کے ناموں

کے اعداد بھی معلوم کر سکتے ہیں۔اب عدد''6'' کی خصوصیات کیا ہیں، عادات و اطوار، مثبت و منفی پہلو اور دیگر خواص کیا ہیں یہ آپ اگلے صفحات میں عدد نمبر 6 کی خصوصیات میں دیکھ اور پڑھ سکیں گے۔اسی طرح آپ کسی بھی شخص کے نام کا مفرد عدد حاصل کر سکتے ہیں اور جو بھی اس کا عدد نکلے آپ اس کے خواص متعلقہ باب میں پڑھ اور سمجھ سکتے ہیں کہ وہ شخص کن خوبیوں اور خامیوں کا مالک ہے، یاد رکھیئے، جتنی توجہ اور دلچسپی سے آپ ان سطور کو پڑھیں گے اور عمل کریں گے کامیابی سے اتنے ہی قریب ہوتے جائیں گے، کسی بھی کام میں بھرپور دلچسپی آپ کو کامیابی کے دروازے تک پہنچا سکتی ہے، دروازے سے اندر داخل ہونا آپ کا کام ہے۔

جدول حروف ابجد نمبر 2

1	ا، ق، غ، ی
2	ب، پ، ک، گ، ر، ڑ
3	ج، چ، ل، ش
4	ت، ٹ، د، ڈ، م
5	ہ، ن، ث
6	و، س، خ
7	ژ، ز، ع، ذ
8	ح، ف، ض
9	ط، ظ، ص

بطور مثال ''کامران'' کے اعداد جدول نمبر 2 سے حاصل کر کے دیکھتے ہیں۔

ن	ا	ر	م	ا	ک
5	1	2	4	1	2

15=5+1+2+4+1+2

6=1+5

آپ نے غور فرمایا، ایک تو عمل مختصر ہو گیا، دوسرے یہ کہ جواب کی صحت پر بھی کوئی اثر نہیں پڑا، کامران کا عدد پہلے بھی ''6'' حاصل ہوا تھا، اور اب بھی ''6'' ہی ہے، اب ہم آپ کو انگریزی کے حروف تہجی کا جدول بنا کر دکھاتے ہیں، تا کہ آپ کو انگریزی کے حروف تہجی سے بھی عدد خاص حاصل کرنے کا طریقہ معلوم ہو سکے یہ سب کچھ وضاحت کے ساتھ آپ کی دلچسپی اور معلومات کے پیش نظر لکھا اور سمجھایا جا رہا ہے تا کہ آپ کو کسی قدم پر بھی مشکل کا سامنا نہ ہو۔

چنانچہ ''Rock'' کا مفرد عدد ''2'' ہوا، یہی اس کے نام کا عدد ہے اور یہی اس کے نام کا لکی نمبر بھی۔

تاریخ ولادت کا عدد معلوم کیجئے۔

فرض کیجئے کوئی بچہ 14 جنوری 1989ء کو پیدا ہوتا ہے، اور ہمیں اس کی تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنا ہے، اس کے لئے ہم درج ذیل طریقہ استعمال کریں گے۔

14 جنوری 1989ء

14+ جنوری +89+19

33=1+9+8+9+1+1+4

ان سب کو باہم جمع کیا تو حاصل جمع 33 حاصل ہوا، یہ مرکب عدد ہے، چونکہ اعداد کا سلسلہ "9" تک ہے، اس لئے ان اعداد کو مفرد بنانے کے لئے 3 اور 3 کو باہم جمع کریں گے، تاکہ اکائی حاصل ہو۔

3+3=6 اس کا حاصل جمع اور مفرد عدد ہوا، اس طرح ہمیں معلوم ہوا، کہ اس بچے کی ولادت کا عدد "6" ہے، اور یہی عدد اس بچے کا لکی نمبر اور قسمت کا عدد مانا جائے گا۔

تاریخ اور سن کا عدد معلوم کیجئے۔

فرض کریں ہمیں 1-1-2004 کا عدد معلوم کرنا ہے، تو ہم ان سب اعداد کو جمع کرلیں گے، تاکہ مفرد عدد یا اکائی حاصل ہو۔

8=2+0+0+4+1+1

سمجھ لیں کہ 1-1-2004 کا عدد "8" ہوا۔

اب جب کہ نام، تاریخ ولادت، سن و تاریخ کے معلوم کرنے کا طریقہ بیان کردیا گیا ہے۔ جس سے ہر شخص اپنا یا کسی مسائل کے نام کا عدد اور تاریخ پیدائش وغیرہ باآسانی استخراج کرسکتا ہے۔

جو بچہ 14 جنوری 1989ء کو پیدا ہوا ہو، اس کا عدد "6" ہے۔ چونکہ یہ دور شمسی اور برج جدی سے تعلق رکھتا ہے اور برج جدی سے تعلق رکھنے والے حروف ج، خ، گ ہیں۔ اس لئے اس بچے کا نام بھی انہی حروف سے رکھا جائے

گا، مثلاً جمیل، جہاں زیب، خالد اور گلفام وغیرہ۔ تاہم آپ جو نام رکھیں اس کا عدد "6" ہو یا پھر اس سے ہم آہنگ مثالی عدد بھی ٹھیک رہے گا۔ لیکن...... مناسب یہی ہے کہ جو تاریخ پیدائش کا عدد ہو۔ وہی نام کا بھی عدد ہو۔

آگے چل کر ہم یہ دیکھیں گے کہ آپ کے عدد کا ہم آہنگ یا مثالی ساتھی کون ہے، دوست کون ہے اور دشمن کون، کون سے اعداد آپ کے امور میں غیر جانبداری برتتے ہیں۔

کون مخلص ہے اور کون مخالف، اگر آپ ان مذکورہ امور پر توجہ دیں گے تو زیادہ کامیاب اور بہتر زندگی گزار سکیں گے۔

آپ کے عدد کے ہم آہنگ، مثالی، متصادم اور غیر جانبدار اعداد

جدول نمبر 4

اعداد	ہم آہنگ اعداد	مثالی اعداد	مخالف اعداد	غیر جانبدار اعداد
1	9	8-4	7-6	5-3-2
2	8	9-7	5	6-4-3-1
3	7	9-6-5	8-4	2-1
4	6	8-6	5-3	9-7-2
5	5	9-3	4-2	8-7-6-1
6	4	9-3	8-1	7-5-2
7	3	6-2	9-1	8-5-4
8	2	4-1	6-3	9-7-5
9	1	6-3-2	7	8-5-4

آپ نے ہم آہنگ، مثالی، غیر جانبدار اور متصادم اعداد کی جدول نمبر 4 ملاحظہ کی، سب سے پہلے ایک بات ذہن میں بٹھا لیجئے کہ غیب کا علم صرف اور صرف اللہ رب العزت کو ہے، اس کی مرضی کے بغیر پتہ بھی جنبش نہیں لیتا اور تمام معلومات وعلوم اسی کے عطا کردہ ہیں، جس طرح انسان میں خوبیاں اور خامیاں پائی جاتی ہیں بالکل اسی طرح اعداد بھی اپنے مثبت اور منفی خواص رکھتے ہیں، ان سے آگاہی ہمیں کامیاب انسان بنا سکتی ہے۔

فرض کیجئے، آپ کے نام کا عدد ''5'' ہے، تو جدول کے مطابق ہم آہنگ عدد بھی ''5'' ہی ہوگا، مثالی عدد آپ کے ''3'' اور ''9'' ہیں، یہ آپ کے خیر خواہ، ہمدرد اور مثالی دوست اور احباب ثابت ہوں گے، جب کہ عدد ''2'' اور ''4'' کے مالک افراد عددی فطری خواص کے مطابق آپ کے دوست نہیں بن سکتے، حتیٰ المقدور ان افراد کا رویہ آپ کے لئے مناسب نہ ہوگا، عموماً موقع محل کو دیکھے بغیر آپ کی مخالفت میں پیش پیش رہیں گے، اس سلسلے میں آپ کا مثبت انداز اور رویہ ہی ان کی مخالفت سے محفوظ رکھ سکتا ہے، حالات کو اپنی موافقت میں رکھنے کے لئے آپ کا مثبت طریقہ کار ہی حتمی ثابت ہوگا اور مخالفین ناکام رہیں گے، اب آیئے جدول نمبر 4 کے مطابق اعداد 1-6-7-8 کی جانب، ان اعداد سے متعلق لوگ آپ کے معمولات میں کسی قسم کی نہ تو دلچسپی لیں گے اور نہ ہی مداخلت کریں گے، اب یہ آپ کی صلاحیت پر منحصر ہے کہ متعلقہ افراد سے کس طرح فوائد حاصل کر سکتے ہیں، انسان اشرف المخلوق ہے، خداوند کریم نے اسے صلاحیتوں کی دولت سے مالا مال کیا ہے، اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے اور کامیابی حاصل کیجئے۔

عدد نمبر ''1'' کا تعارف اور خصوصیت

جس طرح جنگل کے تمام جانوروں میں شیر اکیلا بادشاہ ہے، بالکل اسی طرح تمام اعداد کا شہنشاہ عدد نمبر 1 ہے، عدد ''1'' سے باقی تمام مفرد اعداد تخلیق کئے گئے ہیں، ہر عدد کی بنیاد ''1'' کا ہندسہ ہے۔ علم الاعداد میں عدد ایک کا پہلا نمبر ہے، اور یہ عدد سورج کی علامت ہے اور عنصر اس کا آتشی ہے، اس عدد سے تعلق رکھنے والے افراد میں دوسرے تمام عددوں کے لوگوں سے نمائندگی کی خصوصیات زیادہ ہوتی ہیں، چونکہ ان کا عنصر آتشی ہے اور سورج کی علامت ہے اس لئے پرجوش ہونے کے ساتھ ہی بہت صاف گو اور تنک مذاج ہوتے ہیں، بعض اوقات جوش سے مغلوب ہو کر گرجنے برسنے لگتے ہیں، چونکہ دل کے صاف ہوتے ہیں اس لئے جو ان کے دل میں ہوتا ہے وہی زبان سے ادا کر دیتے ہیں، قدرے لاپرواہ اور منہ پھٹ ہوتے ہیں، لیکن اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں یہ لوگ اولوالعزم بلند ہمت اور حوصلہ مند ہوتے ہیں، محفلوں اور تقاریب میں دوسروں سے نمایاں نظر آتے ہیں۔ اور خود کو اس انداز میں پیش کرتے ہیں کہ حلقہ احباب ان کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے، صاف ستھری اور کھری بات پسند کرتے ہیں، غیر ضروری باتوں سے عموماً گریز کرتے ہیں۔

عدد نمبر ''1'' سے متعلق حضرات و خواتین کھلے دل کے مالک، قابل اعتماد اور ثابت قدم ہونے کے ساتھ ہی بہت محنتی ہوتے ہیں، جس کام کو شروع کرتے ہیں اس میں اپنی تمام تر دلچسپی کے ساتھ لگ جاتے ہیں، اپنے مزاج کے خلاف کوئی بھی کام ان سے نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ ایسے کام قبول کرتے ہیں۔ اگر یہ افراد کسی بات کا حتمی فیصلہ کر لیں تو پھر اسے منطقی انجام تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ ہر وہ

امور یا بات جس پر انہیں یقین ہو، اس پر عمل ضرور کرتے ہیں۔ خواہ تمام دنیا ہی ان کی مخالف کیوں نہ ہو جائے ویسے بھی ان کی فطرت میں ضد کا عنصر کچھ زیادہ ہی ہوتا ہے، تاہم اعلیٰ مزاج کے حامل ہوتے ہیں، گھٹیا چیزوں اور بے ذوق لوگوں سے چڑتے ہیں اور بالکل پسند نہیں کرتے، ان کے خیالات بھی اعلیٰ درجے کے ذوق کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ تعمیری سوچ کے حامل اور اصولوں پر قائم رہتے ہیں، ان کے طور طریقے، مزاج اور طبیعت دیگر لوگوں سے مختلف ہوتی ہے۔ تاہم ذہنی طور پر ترقی یافتہ اور منفرد ہوتے ہیں، چونکہ گرم مزاج اور اپنی مرضی کے مالک ہوتے ہیں اس لئے زندگی گزارنے کے اپنے اصول ہوتے ہیں مثلاً اپنی محبوبہ یا شریک حیات کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

چونکہ عدد ایک تمام عددوں کا بادشاہ ہے اور پھر اس کا تعلق بھی سورج سے ہے اس لئے اس عدد سے متعلق حضرات و خواتین دیگر تمام لوگوں سے مختلف اور منفرد مقام رکھتے ہیں۔ بہت ذہین ہوتے ہیں اور خوب جانتے ہیں کہ وہ کیا چاہتے ہیں اور جو کچھ چاہتے ہیں، اسکے عموماً حاصل کر لیتے ہیں۔ بہت اچھے کاروباری پارٹنر ثابت ہوتے ہیں تاہم اگر ان کا بزنس پارٹنر اپنی مرضی ان پر مسلط کرنا چاہے اور بات ان کے مزاج کے خلاف ہو تو پھر ان کی کاروباری رفاقت برقرار نہیں رہتی۔

اپنی مرضی مسلط کرنے کے باوجود اپنی شریک حیات کے سلسلے میں بہت حساس ہوتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ اگر اپنی شریک حیات کی بے اعتنائی یا عدم توجہی محسوس کریں، تو فوراً ہی یہ بات اپنے دل پر لے جاتے ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ چھوٹی چھوٹی باتوں کا اتنا اثر نہ لیا کریں ورنہ دل کی کسی بھی موذی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ ساتھ ہی اپنی ہٹ دھرمی کی عادت پر قابو پانے کی کوشش ضرور کریں۔ کیونکہ آپ کی بیوی آپ کی لائف پارٹنر ہے ملازمہ نہیں، جس طرح

آپ اپنی مرضی چلاتے ہیں اسی طرح اسے بھی زندگی گزارنے کا حق ہے۔ اور کسی سے کسی کا حق نہیں چھیننا چاہیئے، ہم صرف مشورہ ہی دے سکتے ہیں عمل کرنا آپ کا کام ہے۔ آپ بہت سی خوبیوں اور اوصاف کے مالک ہیں اپنی سوچ کے تعمیری پہلو کو اجاگر کیجئے پھر دیکھئے زندگی کتنی حسین نظر آتی ہے۔

عدد نمبر "1" کے افراد اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ وہ جہاں بھی کام کریں وہاں انہیں اعلیٰ مقام حاصل ہو، اگر ان کی خواہش پوری ہو جائے تو اعلیٰ مرتبہ کے سربراہ ثابت ہوتے ہیں اور اپنے تمام امور نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہیں۔

عدد "1" سے متعلق خاتون حقیقتاً حکومت کرنے کے لئے پیدا ہوتی ہے۔ نہایت دلکش نسائیت سے بھرپور، اور پرکشش سراپے کے ساتھ ہی بلند حوصلہ ہوتی ہے، اپنے حلقہ اثر کو مسحور کرنے کے ساتھ ہی شان وشوکت کی دلدادہ اور پرسحر شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مکمل اور بھرپور عورت ہوتی ہے، عدد ایک کی خاتون کا دوسرے عدد والی خواتین کم ہی مقابلہ کرسکتی ہیں۔ اس لئے یہ خواتین وجیہہ اور شکیل مردوں کو پسند کرتی ہیں۔ ان کی خواہش ہوتی ہے کہ جو بھی شخص ان کی زندگی میں داخل ہو (بحیثیت شریک حیات) وہ مضبوط اور اسمارٹ ہونے کے ساتھ ہی خوبصورت اور حسین بھی ہو، بجھے بجھے سے کمزور مرد انہیں قطعی پسند نہیں آتے۔ ہنسی مذاق اور جولی فطرت کی حامل ہوتی ہیں انہیں اسٹیج پروگرام، سینما اور کھیلوں کے مختلف شعبوں سے بہت دلچسپی ہوتی ہے۔

عدد ایک کی خاتون عمدہ میزبان اور محبت کرنے والی شفیق ماں ثابت ہوتی ہے۔ سلیقہ مندی اور سگھڑپن ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے، ان میں سے بیشتر خواتین اپنے گھر کی سجاوٹ میں بھرپور دلچسپی لیتی ہیں ساتھ ہی اپنا بھی بہت

خیال رکھتی ہیں اس سلسلے میں اچھی خاصی رقم بیوٹی پارلر پر خرچ کر دیتی ہیں۔ یہ شوہر کی محکوم بن کر رہنا پسند نہیں کرتیں اور جو مرد ایسا کرتا ہے وہ حماقت ہی کرتا ہے، بہر حال یہ خواتین اپنی چال ڈھال، شکل وصورت، پرسحر و پرکشش شخصیت کی بنا پر دیگر خواتین سے نمایاں نظر آتی ہیں، بہر صورت ان کا شمار عام عورتوں میں نہیں ہوتا بلکہ انہیں عورت کا مکمل پیکر کہا جا سکتا ہے۔

مبارک دن

عدد نمبر "1" سے متعلق افراد وخواتین کے لئے اتوار کا دن سعد ہے، اپنے امور اور نئے کام کی ابتدا اتوار یا پھر ہفتہ کی شام سے کریں تو فائدے کے مواقع زیادہ روشن ہوں گے۔

سعد تاریخ

آپ کے لئے نیک تاریخیں 1-10-19-28 ہیں۔ اپنے نئے یا پھر کے ہوئے کاموں کی ابتدا مذکورہ تاریخوں میں کریں گے تو کامیابی سے زیادہ قریب ہو جائیں گے۔

موزوں نگینہ

آپ کے لئے خواہ مرد ہوں یا عورت پنا پہننا بہت عمدہ ہے، یاقوت سرخ اور پکھراج بھی آپ کے لئے نہایت مناسب پتھر اور نگینہ ہیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر "1" کے حامل خواتین وحضرات کے لئے گولڈن رنگ بہت موزوں ہے، اورنج اور پیازی بھی آپ کے لئے اچھے ہیں، ہر وہ رنگ جس میں سورج کی جھلک ہو، آپ کے لئے بہترین ہے۔

انقلابی مہینے

اکتوبر، دسمبر اور جنوری کے مہینے آپ کی زندگی میں انقلابی حیثیت رکھتے ہیں، ان ماہ میں اپنی صحت کا خیال بطور خاص رکھیں اور نجی وگھریلو زندگی پر بھی نگاہ رکھیں۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد ایک (1) ہوگا، آپ کے لئے اہم تبدیلیاں لائے گا، یہ تبدیلیاں آپ کے لئے معاون ومددگار ثابت ہوسکتی ہیں تو ساتھ ہی غیر متوقع بھی۔

چند مشہور شخصیات

اداکار رابرٹ ٹیلر، مشہور پامیسٹ کیرو، مشہور زمانہ شاعر گوئٹے، ہدایت کار الفرڈ ہچکاک ہنری فورڈ، نپولین بوناپارٹ، الیگزنڈر ڈوماژ اور مشہور مصنف ایڈگرایلن پو وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 1 کے حامل لوگوں کے لئے، عدد "9" کے افراد سب سے بہتر دوست اور احباب ثابت ہوتے ہیں جب کہ عدد "4" اور "8" کے لوگ آپ کے بہتر اور عمدہ دوست اور احباب ثابت ہوں گے، تاہم عدد "6" اور "7" کے لوگوں سے محتاط رہیں آپ کے لئے یہی مناسب ہے۔

ممکنہ موزوں پیشے

ان افراد کے لئے، صحافت، تصنیف وتالیف، تعلیم وتدریس، تعلقات عامہ، دواسازی طب اور حکمت، صنعت وحرفت، اعلیٰ انتظامی عہدے اور فلمسازی موزوں پیشے ثابت ہوسکتے ہیں۔

شریک حیات

جیون ساتھی کا انتخاب زندگی کا اہم فیصلہ ہوتا ہے، اگر آپ علم الاعداد کی روشنی میں اپنے شریک سفر کو چننا چاہتے ہیں ور آپ کے نام کا عدد ''1'' ہے تو کوشش کیجئے کہ آپ کے جیون ساتھی کے نام کا عدد ''9'' یا پھر ''4'' یا ''8'' ہوں، اگر ایسا ممکن ہے تو زندگی خوشگوار بسر ہوگی۔ جب کہ ''6'' اور ''7'' کے عدد والی کو جیون ساتھی بنانے سے اجتناب برتیں کیونکہ یہ اعداد آپ کے مخالف ہیں اس لئے زندگی پر ناخوشگوار ہی اثرات مرتب ہوں گے، بہر حال اعداد اپنے مثبت اور منفی خواص رکھتے ہیں، اگر بات واضح نہ ہو تو ایک مرتبہ پھر اس کتاب کا باب ''اعداد کا طلسم کدہ'' دوبارہ پڑھ لیں بات سمجھ میں آ جائے گی۔

تندستی اور علاج

عدد نمبر ایک سے متعلق افراد، امراض قلب، خون میں خرابی، بلڈ پریشر اور امراض چشم جیسے مرض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے پھلوں اور میوہ جات میں کشمش، کھجور، منقہ اور لیموں کے ساتھ ہی ایک مہینے میں تین سے چار مرتبہ اصلی شہد کا استعمال بہت ضروری ہے، ان اشیاء کے استعمال سے انشاء اللہ یہ افراد بہت سے امراض سے محفوظ رہیں گے۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا عدد ''1'' ہو۔ ایک تسبیح روزانہ پڑھیں انشاء اللہ آپ کے بگڑے ہوئے کام سنور جائیں گے، اور آپ ایک کامیاب زندگی گزاریں گے۔

عدد نمبر 2 کا تعارف اور خصوصیت

عدد "2" سے متعلق افراد و خواتین کا تعلق چونکہ سیارہ قمر سے ہے، اس لئے ان لوگوں میں چاند کی رومانیت اور نسوانیت کے عناصر نمایاں نظر آتے ہیں۔ یہ لوگ محتاط طرز عمل کے حامل اور خیالوں میں رہنے والے ہوتے ہیں۔ قدرے جدت پسند ہوتے ہیں اس لئے اپنے گھر یا دفتر میں پرانے طرز آرائش کو پسند نہیں کرتے۔ حالانکہ پرانے طور طریقے رسم و رواج انہیں پسند ہوتے ہیں۔ ظاہری نمود و نمائش سے متاثر نہیں ہوتے اور نہ ہی عام ناکامیوں سے گھبراتے ہیں۔ نہایت مستقل مزاجی اور خاموشی کے ساتھ اپنے مقصد کے حصول میں سرگرم رہتے ہیں۔ خوش مزاج اور ذمہ دار ہوتے ہیں، تاہم غیر مناسب رویہ اور نظمی ان کا موڈ آف کر دیتی ہے۔

حیرت انگیز حد تک اولوالعزم ہوتے ہیں، مخالف لوگوں سے نپٹنے کا فن انہیں خوب آتا ہے۔ اپنے مقاصد کے حصول میں حائل رکاوٹوں سے یہ کبھی مایوس اور دلبرداشتہ نہیں ہوتے، بلکہ اپنی مشکلات پر قابو پانے کی جدوجہد میں سرگرداں رہتے ہیں۔ ان کے اپنے بنائے ہوئے کچھ اصول ہوتے ہیں، جس کے تحت زندگی گزارتے ہیں لیکن مزیدار بات یہ ہے کہ اپنے اصولوں پر آمریت کا مظاہرہ نہیں کرتے، اور نہ ہی اپنے اصولوں کو انا کا مسئلہ بناتے ہیں۔

قدرے موڈی ہوتے ہیں، عموماً روزانہ ہی ان کا موڈ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ان کا موڈ ماحول اور جگہ کی تبدیلی سے زیادہ بدلتا ہے۔ خود یہ افراد اندازہ نہیں لگا سکتے کہ کس وقت ان پر کون سا موڈ طاری ہوگا۔ اگرچہ متحمل مزاج اور ذہنی طور پر حاضر دماغ ہوتے ہیں لیکن عام طور سے خیالوں میں گم نظر آتے ہیں۔ ماضی کی بھولی بسری یادیں اور خیالی دنیا میں گم رہنا شاید ان کی عادت کا خاصہ ہوتا ہے۔

فرائض گھریلو ہوں یا دفتری یا پھر کاروباری یہ احسن طریقوں سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں۔ اپنے فرائض منصبی کو کسی قسم کا بوجھ نہیں سمجھتے اور نہ ہی کام چور اور کاہل ہوتے ہیں بلکہ کل ہل لوگوں سے تو انہیں نفرت اور چڑ ہوتی ہے۔ دوسرے لوگوں کو بھی اپنی طرح چاق و چوبند اور ذمہ دار دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

اپنے حلقۂ احباب کو تو چونکہ یہ جانتے اور پہچانتے ہیں اس لئے ان سے نباہ کر لیتے ہیں لیکن اجنبی لوگوں اور ان کی باتوں پر کم ہی اعتبار کرتے ہیں۔ دوسروں کی باتیں سن کر خاموشی کا مظاہرہ کرتے ہیں، ان کے مخاطب کو اندازہ نہیں ہوتا کہ دوران گفتگو ان کی سوچ کا محور کیا ہے اور وہ ان کے لئے کیا رائے قائم کرتے ہیں۔

ایسے تمام افراد و خواتین جن کی ولادت کسی بھی ماہ کی 2-11-20-29 ہو۔ ان کا تعلق عدد نمبر 2 سے ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ قمری اوقات ہیں اس لئے ان پر چاند کے اثرات گہرے اور نمایاں ہوتے ہیں۔ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو برے وقت میں اکیلا نہیں چھوڑتے۔ ان کے برے وقت میں کام آتے ہیں جیسا کہ پہلے تحریر کیا جا چکا ہے یہ لوگ کاہل اور کام چور نہیں ہوتے۔ اس لئے اپنی بہتر کارکردگی کے باعث اپنے معاوضہ میں اضافہ کی توقع رکھتے ہیں ساتھ ہی کفایت شعاری ان کے مزاج کا خاصہ ہوتا ہے۔ یہ لوگ مستقبل کے اندیشوں سے نجات پانے کے لئے مادی تحفظات میں فکرمند رہتے ہیں ساتھ ہی اس کے حصول میں سرگرداں رہتے ہیں اور اپنی ان کوششوں میں خاصے کامیاب بھی رہتے ہیں۔ یہ افراد فضول اور نمائشی پروگراموں میں اپنی دولت نہیں لٹاتے بلکہ اپنے مستقبل کے تحفظ کے لئے دولت جمع کرتے ہیں اور فطرتاً کفایت شعار ہوتے ہیں۔

عدد نمبر ''2'' کے حامل افراد تخلیقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔ رومان پسندی اور تخیل میں مگن رہنا ان کی عادت کا خاصہ ہوتا ہے۔ رومان پسند ہونے کے باعث بہت حساس ہوتے ہیں اس لئے جلد ہی اداس اور رنجیدہ ہو جاتے ہیں۔ خود اعتمادی کی کمی اور الجھا ہوا مزاج ان کی

ذات کے منفی پہلو ہیں۔ مزاج کے خلاف باتوں اور امور سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں اپنے ان ہی اوصاف کی بنا پر یہ لوگ بہت نقصان میں رہتے ہیں۔ خود اعتمادی کے فقدان کی وجہ سے اپنے چلتے ہوئے کاموں کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے انہیں اپنی سیمابی فطرت اور طبیعت کی بے چینی سے جان چھڑانی چاہیئے، اپنی خامیوں پر غور کرتے ہوئے انہیں دور کرنے کی کوشش کریں۔ اگر یہ افراد اپنے اس مثبت عمل اور تعمیری سوچ کو اجاگر کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یوں سمجھیں کہ کامیابی ان کے در پر کھڑی ہے۔

عدد نمبر "2" سے متعلق خواتین عادتاً شرمیلی ہوتی ہیں۔ فوراً بے تکلف نہیں ہوتیں یہ بھی موڈی ہوتی ہیں لیکن ساتھ ہی خوش مزاج بھی، ملبوسات میں ایک خاص ذوق رکھتی ہیں جدید فیشن اور عمدہ لباس ان خواتین کی کمزوری ہے۔ بناؤ سنگھار کی بہت شوقین ہوتی ہیں مگر گھریلو ماحول کو پسند کرتی ہیں۔ چونکہ ان کا تعلق سیارہ قمر سے ہے اس لئے مزاجاً رومان پسند ہوتی ہیں۔ اپنے حسن کی تعریف سننا اور سن کر خوش ہونا ان کی کمزوری ہے تاہم ان خواتین کی زیادہ تعداد شوہر پرست ہوتی ہے۔ یہ خواتین عمدہ سراپے، جاذب نظر، سحر انگیز وجود اور نسائیت کا پیکر نظر آتیں ہیں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ان میں سے بیشتر خواتین کی آنکھیں مسکراتی ہوئی کشش انگیز نظر آتی ہیں۔

عدد نمبر "2" سے تعلق رکھنے والی خواتین چونکہ شوہر پرست ہوتی ہیں اس لئے شوہر کی آمدنی میں اضافے اور آمدنی میں بچت کے سلسلے میں حتیٰ المقدور تعاون کرتی ہیں، عام طور سے شاعری، موسیقی، کھیل کود، ثقافتی مشاغل اور تقاریب کو پسند کرتی ہیں چونکہ خوش مزاج ہوتی ہیں زیادہ تر ہنستی مسکراتی رہتی ہیں اس لئے ہر جگہ ان کی پذیرائی ہوتی ہے۔ باذوق اور پروقار شخصیت کی حامل یہ ہنستی مسکراتی خواتین اپنی مثبت خصوصیات کی بنا پر لوگوں پر اچھے تاثرات قائم کرتی ہیں۔ رومانی مزاج رکھنے کے باوجود ان کی زیادہ تعداد باوفا اور عمدہ کردار کی مالک ہوتی ہے۔ اس عدد کی خاتون کسی سے محبت

کرتی ہے تو دل سے کرتی ہے اسے جب کسی سے پیار ہو جائے تو اسے ٹوٹ کر سچی محبت کیساتھ اپنے دل میں بسا لیتی ہے۔

مبارک دن

اس عدد سے متعلق خواتین و حضرات کے لئے مبارک دن سوموار ہے۔ انہیں چاہیئے کہ اپنے رکے ہوئے کام نئے امور کی ابتدا سوموار سے کریں یا پھر اتوار کی شام سے یوں کامیابی کا تناسب بڑھ جائے گا۔

سعد تاریخ

آپ کے 2-11-20-29 تاریخیں خواہ وہ کسی مہینے کی ہوں مبارک ثابت ہوں گی۔ چونکہ آپ کا عدد 2 ہے اس لئے ہر وہ اعداد کی تاریخ جس کا مفرد 2 ہوگا۔ سعد ثابت ہوں گی۔

موزوں نگینہ

آپ لوگوں کے لئے الماس پہننا مناسب اور موزوں ہے۔ دیگر نگینوں میں، مون اسٹون، موتی اور زمرد بھی اچھے ہیں۔ اگر کوئی نگینہ پہننا چاہتے ہیں تو یہ تینوں پتھر بہت مناسب ہیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 2 کے حامل مرد خواتین کے لئے، ہر قسم کے سبز رنگ بہت مناسب ہیں۔ دیگر رنگوں میں موتیا، سفید اور دودھیا رنگ بھی بہتر ہیں۔ رنگوں کا انتخاب کامیابی کا پہلا قدم ہے۔

انقلابی مہینے

جنوری، فروری اور جولائی کے مہینے آپ کی زندگی میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان میں مثبت اور منفی دونوں ہی پہلو موجود ہیں۔ ان مہینوں میں

حالات پر نگاہ رکھیں۔ کامیابی مل سکتی ہے۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد "2" ہو، آپ کے لئے بنیادی تبدیلیوں کا حامل ثابت ہوگا۔ یہ تبدیلیاں معاون و مددگار بھی ثابت ہو سکتی ہیں اور غیر معمولی واقعات بھی پیش آ سکتے ہیں۔

چند مشہور شخصیات

اداکار جوزف جیفرسن، ڈیوڈ برگ، چارلس لافٹن، رومانیہ کی ملکہ الزبتھ، فرانس کی ملکہ میری انتونی، راک فیلر، معروف مصنف ہنری جارج اور مشہور مصنف ارنسٹ ہمنگرے وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 2 کے حامل افراد کے لئے، عدد "8" کے مالک بہترین دوست اور رشتہ دار ثابت ہوتے ہیں اس کے علاوہ عدد نمبر 7 اور "9" کے مالک افراد بھی آپ کے عمدہ قرابت دار ثابت ہوں گے ان لوگوں سے آپ کا تعلق خوشگوار رہے گا۔ آپ کو چاہیئے کہ عدد "5" والے حضرات سے محتاط رہیں۔

ممکنہ موزوں پیشے

ان لوگوں کے لئے، گھریلو دستکاری، فن آرٹ، بین الاقوامی تجارت، مصوری کے ساتھ ہی ہر قسم کے کاروبار موزوں ثابت ہو سکتے ہیں۔ لیکن ہر بات حتمی نہیں، عالم الغیب خداوند کریم ہے۔

شریک حیات

شریک حیات کے انتخاب کا معاملہ بہت نازک ہوتا ہے۔ چونکہ آپ کے

نام کا عدد "2" ہے اس لئے علم الاعداد کے حساب سے آپ کے جیون ساتھی کے نام کا عدد "8" ہو یا پھر عدد نمبر "7" یا "9" بھی بہتر ہے۔ ان اعداد والوں سے آپ کا نباہ بہت خوب رہے گا اور آپ کی زندگی پر مثبت اور خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے۔ آپ کے لئے مشورہ ہے کہ جن کے نام کا عدد "5" ہو۔ اسے بہر حال جیون ساتھی بنانے سے گریز کریں۔ یہ فیصلہ آپ کے لئے قطعاً مناسب نہ ہوگا۔ جس طرح ہر بات اور ہر چیز کے دو پہلو ہوتے ہیں اچھا اور برا، اسی طرح علم الاعداد بھی اپنے خواص رکھتے ہیں۔ اگر کوئی بات تشنہ رہ گئی ہو تو۔ اس کتاب کا باب "اعداد کا طلسم کدہ" دوبارہ پڑھیں۔ بات آپ پر واضع ہو جائے گی۔

تندرستی اور علاج

غیب کا علم تو خداوند کریم ہی جانتا ہے اس لئے دنیاوی باتوں کو حتمی نہیں کہا جا سکتا بہر حال عدد نمبر 2 کے حامل افراد جن امراض کی شکایت کر سکتے ہیں ان میں نظام ہاضمہ کی خرابیاں، بدہضمی، آنتوں کا ورم اور السر وغیرہ شامل ہیں انہیں سردا، کھیرا، شلجم گاجر اور بند گوبھی کے ساتھ ہی اسپغول کی بھوسی استعمال کرنا چاہیئے۔ ان اشیاء کا استعمال ان افراد کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالٰی کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا عدد "2" ہو۔ آپ اس کی ایک تسبیح روزانہ پڑھیں، انشاء اللہ تمام کام باخیر وخوبی انجام پائیں گے۔ اور زندگی میں کامیابی حاصل ہوگی۔

عدد نمبر ''3'' کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر ''3'' سے متعلق افراد کا مزاج اور عنصر آتشی ہوتا ہے، اسی وجہ سے یہ لوگ حوصلہ منداور پرعزم ہوتے ہیں، ان کے بیشتر عادات واطوار عدد نمبر ا سے ملتے جلتے ہوتے ہیں انہیں دنیا میں بلند مرتبہ کی آرزو رہتی ہے اور بلند مقام حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ افراد عموماً اپنی شخصیت کو اجاگر کرنے کی کوششوں میں مصروف نظر آتے ہیں۔ انہیں حکم دینا پسند ہوتا ہے جب کہ کسی کی محکومی کو قطعاً پسند نہیں کرتے۔ اور یہ حقیقت بھی ہے کہ عدد نمبر 3 کے افراد اپنے حلقے میں نمایاں نظر آتے ہیں یہ خود کو دوسروں سے برتر اور افضل سمجھتے ہیں ان کی سوچ کا محور یہ ہوتا ہے کہ وہ جو سوچتے ہیں وہ صحیح ہے اور دوسروں کو بھی اسی انداز میں سوچنا اور عمل کرنا چاہیئے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان میں ایک مکمل آمر بننے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے۔ اپنے اس ڈکیٹٹر شپ کی وجہ سے یہ بہت سے لوگوں کو اپنا دشمن بنالیتے ہیں یہ ان کی ذات کا بہت بڑا منفی پہلو ہے۔ ان کی ذات کے منفی پہلو میں جذباتیت، پریشان خیالی، چڑچڑاپن نمایاں ہوتے ہیں۔ جو عام زندگی میں ان کے لئے باعث پریشانی ثابت ہوتے ہیں۔

اس کے برعکس ان کی ذات کے مثبت پہلو بھی بہت نمایاں اور شاندار ہیں، مثلاً یہ افراد صاف گو، امین، دیانتدار، جرأت منداور جوشیلا مزاج رکھنے کے ساتھ ساتھ خوش مزاج بھی بہت ہوتے ہیں۔ سچ بولنے میں کوئی مصلحت ان کے آڑے نہیں آسکتی۔ برملا سچ بولتے ہیں اور اسی سچائی کی بنا پر یہ اپنے حلقۂ احباب اور دوستوں کو بھی ناراض کردیتے ہیں۔ بہرحال سچ کڑوا ہوتا ہے اور کڑوی چیز ہر شخص کو برداشت نہیں ہوتی۔ ان کے برجستہ طربیہ جملے اور بولنے

کے انداز سے محفل گل و گلزار بن جاتی ہے طنز نہیں کرتے بلکہ ہنسی مذاق کے پہلو کو مدنظر رکھتے ہیں۔ ملنسار اور خوش گو ہوتے ہیں۔

عدد نمبر ''3'' کے حامل افراد اپنے مقاصد کے حصول کے لئے ہمیشہ مثبت پہلو کو سامنے رکھتے ہیں ہمیشہ پرامید رہتے ہیں۔ اندھے اعتقاد کے قائل نہیں ہوتے بلکہ حقیقت پسند ہوتے ہیں اور پرامید رہتے ہوئے تصویر کا روشن پہلو سامنے رکھتے ہیں۔ دیگر یہ کہ کسی کے لئے اپنے دل میں بغض و کینہ نہیں رکھتے کیونکہ صاف گو ہوتے ہیں۔ مخاطب کی گفتگو توجہ سے سنتے ہیں ان کے احساسات اور جذبات کا پورا خیال رکھتے ہیں۔ تاہم اپنی آزادانہ سوچ کی بنا پر کبھی کبھی خوامخواہ لوگوں کو اپنا مخالف بنا لیتے ہیں۔

عدد نمبر 3 سے متعلق افراد خطرناک حد تک ایڈونچر پسند ہوتے ہیں۔ اکثر جان جوکھوں میں ڈالنے والے کام اور خطرناک آزمائشی امور میں ان کی گہری دلچسپی بہر حال ایک انوکھی مثال ہے، یہ خطرات پسند ہوتے ہیں اس لئے اس عدد کے حامل افراد کی تعداد فضائی تحقیقوں اور ہوابازی میں نمایاں نظر آتی ہے۔ شاید اس کی وجہ ایک یہ بھی ہے کہ یہ لوگ پیدائشی طور پر خوش نصیب واقع ہوتے ہیں۔ مشکلات ان کی زندگی میں آتی ضرور ہیں لیکن زیادہ دن حائل نہیں رہتیں پھر خود ان کی عادت اور مزاج منفرد ہونے کی بنا پر ناساعد حالات پر قابو پانے کی بہت صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ افراد کسی بھی سلسلے میں میدان سے نہیں بھاگتے اور نہ ہی اپنی مدد کے لئے کسی کی امداد لینا پسند کرتے ہیں۔ اگر ان پر دروغ گوئی یا بد دیانتی کا الزام لگ جائے تو آپے سے باہر ہوتے ہیں اسی طرح انہیں بے مقصد اور بے بنیاد باتیں بھی مشتعل کر دیتی ہیں۔

عدد نمبر 3 کے حامل افراد کی اپنی آزادی بہت عزیز ہوتی ہے۔ یہ خود مختار

رہنا چاہتے ہیں۔ کسی کا حکم چلانا یا پھر محکوم بن کر رہنا ان کی سرشت میں نہیں۔ مخلص اور ہمدرد ہوتے ہیں ساتھ ہی تعمیری سوچ اور عمدہ اخلاق کے مالک بھی، یہ افراد دولت کو کوئی اہمیت نہیں دیتے بلکہ ایک رات میں ساری دولت خرچ کر سکتے ہیں۔ منطقی مذہبی سوچ کے باعث محض عقیدت کی بنا پر مذہب کی طرف مائل نہیں ہوتے۔ تاہم ہنس مکھ، تعمیری سوچ اور عمدہ اخلاق و خیالات کے ساتھ ہی وسیع النظر اور حالات سے باخبر رہتے ہیں۔

عدد نمبر ''3'' کی حامل خواتین میں پہلا نمایاں وصف یہ ہے کہ کسی بھی حال میں اور کسی بھی موقع پر دروغ گوئی سے کام نہیں لیتیں، جھوٹ بولنا اور سننا ان کی فطرت میں نہیں۔ دوران گفتگو تیز طرار نظر آتی ہیں فقرے بازی خوب کرتی ہیں تاہم ان کی گفتگو میں ایک خاص قسم کی جاذبیت پائی جاتی ہے ان سے باتیں کرتے ہوئے خوشگواریت کا احساس ہوتا ہے۔ لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ عموماً تنہائی پسند ہوتی ہیں دوسروں سے علیحدہ رہنے کو ترجیح دیتی ہیں۔ تعلقات اور خاندانی رشتوں سے اجنبیت اور بیزاری ان کی ذات کا انوکھا پہلو ہے۔ معاشرتی اصولوں کو خاطر میں نہیں لاتیں اپنے انہی اوصاف کی وجہ سے دنیا کا کوئی مرد انہیں محکوم نہیں بنا سکتا حکم سننا تو گویا یہ جانتی ہی نہیں ہیں۔ ہاں اپنے گھر کے معاملے میں یہ بالکل مختلف ہوتی ہیں اپنے گھر کی صفائی و ستھرائی انہیں بے حد عزیز ہوتی ہے۔ اگر انہیں کوئی چیز گفٹ کی جائے تو اس تحفے کو بہت سنبھال کر رکھتی ہیں۔

عدد نمبر 3 سے متعلق خواتین سیر و تفریح کی دلدادہ، آزاد خیال اور صاف گو ہوتی ہیں یہ اپنی باتیں، راز اور دکھ درد و پریشانی دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ ان کے چہرے سے ان کے جذبات اور سوچ کا اندازہ

نہیں لگایا جا سکتا۔ کیونکہ یہ اپنی سوچ پر خوبصورتی سے پردہ ڈال دیتی ہیں۔ یہ خواتین عموماً جذباتی نہیں ہوتیں سلیقہ شعار اور دھیمے لہجے کی حامل ہوتی ہیں۔ عموماً خوش قسمتی ان کے ساتھ ہوتی ہے۔

مبارک دن

عدد نمبر 3 کے حامل خواتین و حضرات کے لئے مبارک دن جمعرات ہے۔ اپنے نئے کام یا پھر پرانے ادھورے کام جمعرات یا پھر بدھ کی شام سے شروع کریں تو کامیابی کے زیادہ امکان ہیں۔

سعد تاریخ

کسی بھی مہینے کی 3-12-21-30 تاریخیں آپ کے لئے ثابت ہوں گی۔ سفر یا نئے کام و کاروبار کی ابتدا ان تاریخوں سے کریں تو کامیابی ضرور ہوگی۔ (انشاء اللہ)

موزوں نگینہ

آپ کے لئے عقیق ذرد پہننا بہت مبارک ہوگا۔ دیگر پتھروں میں پکھراج بھی پہن سکتے ہیں دوسرے نگینوں کو معلومات کے بعد ہی استعمال کریں تو مناسب رہے گا۔

موافق رنگ

عدد نمبر 3 کے حامل افراد و خواتین کے لئے ارغوانی، نیلا اور کاسنی رنگ بہت موزوں ہے۔ ان رنگوں کے اثرات سے خوشگواریت اور کامیابی کی راہیں کھلتی چلی جائیں گی۔

انقلابی مہینے

فروری، جون، ستمبر اور دسمبر کے مہینے آپ کی زندگی میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان مہینوں میں اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ گھریلو حالات کو دیکھیں، غیر متوقع کامیابی بھی مل سکتی ہے۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد ''3'' ہوگا۔ آپ کے لئے اہم اور بنیادی تبدیلی وتغیر کا حامل ہوگا۔ اب یہ آپ کی صوابدید پر منحصر ہے کہ اس سے آپ کس طرح فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

چند مشہور شخصیات

سابق برطانوی وزیر اعظم سر ونسٹن چرچل، مشہور امریکی سابق صدر ابراہام لنکن، معروف مصنف ڈیل کارینگی، شاہ جارج پنجم، جولی پیرس والٹ ڈزنی اور مارک ٹوئن وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 3 کے مالک حضرات کے لئے، عدد نمبر 7 یا پھر ''5'' ''6'' ''9'' کے حامل افراد سے دوستی اور قرابت داری بہت عمدہ ثابت ہوتی ہے۔ ہمیشہ تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ جب کہ عدد نمبر ''4'' اور ''8'' کے حامل افراد سے ہمیشہ محتاط رہیں اور کسی قسم کی توقع نہ رکھیں۔

ممکنہ موزوں پیشے

سرکاری ملازمت، میڈیسن کے شعبے، صحافت، موسیقی، شعبہ نشر واشاعت، ایڈورٹائزنگ تعلقات عامہ اور تجارت کے شعبے عدد نمبر 3 کے لئے زیادہ کامیاب

اور مناسب ثابت ہوتے ہیں۔

شریک حیات

زندگی میں اہم ترین فیصلہ شریک سفر کے متعلق ہے۔اس کے لئے بہت سوچ بچار کی ضرورت ہوتی ہے آپ کے نام کا عدد"3" ہے۔آپ کے لئے عدد نمبر"7" سب سے بہتر ہے یا پھر عدد"5" 6یا پھر عدد نمبر 9 آپ کے لئے مناسب ہے ان اعداد کے حامل افراد سے آپ کی خوب نبھ سکتی ہے۔جس سے آپ کی زندگی میں خوشیاں بکھر جائیں گی۔آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جن کے نام کے اعداد"4" یا پھر"8" ہوں انہیں اپنی زندگی میں اور آپ ان کی زندگی میں داخل نہ ہوں۔کیونکہ علم الاعداد کے حساب سے یہ آپ کے لئے قطعی مناسب نہ ہوگا۔بہت محتاط رہیں، پھر بھی اگر بات سمجھ میں نہ آئے تو اس کتاب کا باب"اعداد کا طلسم کدہ" دوبارہ پڑھ لیں، بات واضح ہو جائے گی۔

تندرستی اور علاج

عدد نمبر 3 کے حامل افراد وخواتین کو عموماً جو شکایت رہتی ہے ان میں عرق النساء کا درد ہڈیوں کا درد، جوڑوں میں کھنچاؤ اور تھکاوٹ وکمزوری وغیرہ شامل ہیں۔ان لوگوں کو چاہیئے کہ اپنی خوراک میں ڈرائی فروٹ اور پھلوں کا استعمال زیادہ رکھیں مثلاً شہتوت، انناس، رس بھری، انگور، سیب، بادام وانجیر کے ساتھ ہی چقندر اور گاجر کا استعمال ضروری ہے۔

آپ کا وظیفہ

اللہ رب العزت کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد "3" ہو۔اس کے نام کا ورد جاری رکھیں مناسب ہو تو ایک تسبیح روزانہ پڑھیں۔ کامیابی ہی کامیابی ہے۔

عدد نمبر ''4'' کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر ''4'' کے حامل افراد خواتین کا تعلق سیارہ یورنس سے ہے۔ اگرچہ اس عدد کا تعلق شمس سے بھی سمجھا جاتا ہے یا تصور کیا جاتا ہے۔ چونکہ اس کا عنصر آتشی ہے اس لئے اس عدد سے متعلق افراد اپنی ایک مخصوص اور علیحدہ شخصیت رکھتے ہیں۔ یہ لوگ ہر چیز اور ہر عمل کو دوسروں کی بہ نسبت ایک مختلف زاویہ نگاہ سے دیکھتے ہیں اسی لئے دوسروں سے عموماً ان کا اختلاف رہتا ہے۔ ان کے مزاج میں باغیانہ عناصر ہوتے ہیں اسی لئے قواعد وضوابط اور اصولوں کی زیادہ پاسداری نہیں کرتے ان کے دوست بھی کم ہی ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 4 کے حامل افراد وجدانی اور تخیل پسند ہوتے ہیں۔ ان میں بحث و مباحثہ اور تخیل کی خوبیاں ہوتی ہیں اگر یہ اپنی ان صلاحیتوں کو تعمیری انداز میں استعمال میں لائیں تو مشہور شاعر اور اعلیٰ مصنف بن سکتے ہیں تاہم انہیں اختلاف رائے کی عادت بہت ہوتی ہے اس کے ساتھ ہی بہت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں ان کی گفتگو سے ان کی روح جھلکتی ہے۔ اگرچہ یہ دوست کم بناتے ہیں تاہم جن سے دوستی ہوتی ہے ان سے مخلص ہوتے ہیں اور ہر طرح ان کے کام آتے ہیں۔ بہت ہی نازک احساس کے مالک ہونے کی وجہ سے زندگی میں نمایاں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں جب تک یہ کوئی نمایاں مقام یا کامیابی حاصل نہ کرلیں یہ اپنی تقدیر سے شاکی رہتے ہیں ہر بات کا الزام قسمت پر لگادیتے ہیں۔ کامیابی سے پہلے خود کو بہت تنہا، پژمردہ اور اداس اداس محسوس کرتے ہیں۔

عدد نمبر 4 سے تعلق رکھنے والے افراد مذہب سے بھی گہرا لگاؤں رکھتے ہیں اگر انہیں شعبہ تصنیف وتالیف مل جائے تو نمایاں کامیابی وکردار ادا کرسکتے

ہیں۔ چونکہ بہت حساس ہوتے ہیں اس لئے ان کے جذبات کو ٹھیس بھی جلدی لگتی ہے۔ اگر ان کے مزاج کے خلاف کوئی جھوٹ بات بھی کر دی جائے تو جھوٹ اور سچ کی تمیز کیئے بغیر فوراً ہی اس کا اثر لے لیتے ہیں اور یہ اثر بھی خاصہ گہرا ہوتا ہے۔ اپنے خیالات وافکار کے لئے عموماً یہ لوگ تحریر کا سہارا لیتے ہیں۔ جس میں کہانیاں اور افسانے وغیرہ شامل ہیں۔ یہ افراد گھریلو اور کاروباری زندگی میں بھی عام طور سے خودسری اور خود مختاری کا اظہار کرتے ہیں۔ معاشرتی، مذہبی اور اصلاحی کاموں میں خوب سے خوب تر دلچسپی لیتے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ یہ افراد ایک مخصوص اور دوسروں سے مختلف شخصیت کے حامل و مالک ہوتے ہیں۔ اور کام وامور کو دنیا سے مختلف زاویہ نگاہ سے دیکھتے ہیں ان کے خیالات اور رائے بھی بہر حال دوسروں سے مختلف ہوتی ہے۔

عدد نمبر 4 کے افراد کی ایک عادت تو ان کے منفی پہلو کو بہت زیادہ اجاگر کرتی ہے اور یہ کہ ہر چیز کے بارے میں ان کی رائے دنیا سے مختلف ہوتی ہے اور دوسرے لوگوں سے عام طور سے اختلاف کرتے ہیں خواہ اختلاف کی ضرورت ہو یا نہ ہو، یہ ان کی فطرت کا خاصہ ہے ہمیشہ مخالف نظریہ کی حمایت کریں گے، یعنی کہہ سکتے ہیں کہ یہ لوگ مخالفت برائے مخالفت کو پسند کرتے ہیں اور یوں ان کے حلقے کے لوگ خاصی تعداد میں ان کے دشمن بن جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو چاہیئے کہ اپنی اس عادت سے جان چھڑائیں۔ کیونکہ ان کی رائے اور گفتگو سے لوگوں کی دل آزاری ہوتی ہے۔

عدد نمبر 4 کے کامل و مالک حضرات نہایت ضدی فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ اتنے ضدی کہ اگر انہیں موقع مل جائے تو خاندانوں اور حکومتی سطح پر یہ کام روایت سے ہٹ کر کرتے ہیں۔ اپنے اس عمل کے لئے یہ لوگ نئے نئے

راستے اور راہیں نکال لیتے ہیں ایسے امور میں ان کا دماغ خوب کام کرتا ہے۔ اگر ان افراد کی رسیائی حکومتی سطح تک ہو جائے تو انقلاب کی راہ ہموار کرنے اور حکومت کا تختہ الٹنے میں سب سے آگے رہتے ہیں خواہ اس سے آئین اور حکومت کو کچھ بھی نقصان پہنچے یہ اپنی کارگزاری میں مصروف بہ عمل رہتے ہیں اگر اپنی یہی صلاحتیں تعمیری انداز میں استعمال کریں تو اعلیٰ مرتبہ اور عمدہ مقام تک پہنچ سکتے ہیں عجیب مزاج کے حامل ہوتے ہیں انہیں دولت وغیرہ ے بھی دلچسپی نہیں ہوتی اگر دولت ہو یا آجائے تو بیدردی سے استعمال اور خرچ کر ڈالتے ہیں۔

عدد نمبر 4 کی حامل خواتین دیگر عوروں کے مقابلے میں اپنی علیحدہ ہی شناخت رکھتی ہیں۔ ملبوسات اگرچہ خواتین کی کمزوری ہوتے ہیں لیکن یہ خواتین ان پر بہت زیادہ توجہ نہیں دیتیں، جو مل جائے اسے صاف ستھرے انداز میں زیب تن کر لیتی ہیں۔ اپنی گھریلو زندگی میں بہت زیادہ دلچسپی لیتی ہیں۔ مردوں کی طرح انہیں بھی روپے پیسے اور دولت سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی مثلاً اگر زیورات ہیں تو ٹھیک، کبھی کبھار پہن لئے اور اگر نہیں تو انہیں کوئی رغبت بھی نہیں۔

عدد نمبر 4 سے متعلق خواتین بہت حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں انہیں چھوٹی چھوٹی باتیں رلا دیتی ہیں۔ صاف گو اور باکردار ہوتی ہیں۔ عموماً سچ بولتی ہیں اور دوسروں کو بھی سچا سمجھتی ہیں اگر کوئی انہیں جھوٹ سے بھی کوئی بات کہہ دے تو اس کی بہت اثر لیتی ہیں۔ ان کے جذبات کو باآسانی ٹھیس پہنچائی جاسکتی ہے۔ ہر ناپسندیدہ بات کا فوری اثر لیتی ہیں خواہ وہ بات سچ ہو یا جھوٹ پر مبنی۔ ان خواتین میں سے بیشتر مذہب کی طرف راغب ہوتی ہیں اور اپنے مسلک پر مضبوطی سے قائم رہتی ہیں بلکہ اس کی تبلیغ بھی کرتی ہیں۔

عدد نمبر 4 کی حامل خواتین دوسری خواتین کے برعکس ہر بات کو سن کر فوری

اثر لیتی ہیں بعض اوقات تو یہ رونے لگتی ہیں۔ معمولی سی معمولی بات انہیں آزردہ کر دیتی ہے۔ اور ان کے جذبات مجروح ہو جاتے ہیں بہر حال مختلف مزاج کی حامل خواتین ہوتی ہیں۔

مبارک دن

عدد نمبر 4 کے حامل خواتین و حضرات کے لئے علم الاعداد کے حساب سے مبارک دن اتوار ہے اگر آپ اپنے نئے کام یا پھر سفر وغیرہ کا آغاز کرنا چاہتے ہیں تو ہمیشہ اتوار کا دن موزوں رہے گا۔

سعد تاریخ

کسی بھی مہینے کی 4-13-22 تاریخیں آپ کے لئے ہمیشہ موزوں و مبارک ثابت ہوں گی۔ آغاز سفر، نیا کاروبار اور نئے امور کے لئے انہی تاریخوں کو ترجیح دیں کامیاب رہیں گے۔

موزوں نگینہ

عدد نمبر 4 کے حامل افراد کے لئے نگینوں میں ہیرا پہننا بہت مناسب ہے یا پھر گہرے رنگ کا نیلم بھی مبارک ثابت ہوگا، دیگر کوئی بھی نگینہ زائچے کے بعد پہنیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 4 سے متعلق افراد و خواتین کے لئے، اورنج، مالٹائی اور زردی مائل تمام رنگ مناسب اور موزوں ہیں یہ آپ کا موافق رنگ ہے۔ کالے رنگ سے پرہیز کریں۔

انقلابی مہینے

جنوری، فروری، جولائی، اگست اور ستمبر آپ کی زندگی میں اہمیت کے حامل ہیں ان مہینوں میں اپنے تمام امور حتیٰ کہ صحت کی طرف سے بھی محتاط رہیں۔

اہم سال

عدد نمبر 4 کے حامل افرد خواتین کے لئے ہر وہ سال معاون و مددگار ثابت ہوگا جس کا مفرد عدد "4" ہو۔آپ اس سال میں نئے تجربات بھی کر سکتے ہیں۔

چند مشہور شخصیات

اسکاوٹ تحریک کا بانی لارڈ ماؤنٹ بیڈن پاول، مشہور مصنف سر آرتھر کانن ڈائل، سر فرانسس بیکن، برطانوی بادشاہ جارج سوم، شاعر لارڈ بائرن اور جارج واشنگٹن وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 4 سے متعلق افراد خواتین کے لئے عدد نمبر "6" والے افراد عمدہ دوست و رشتہ دار ثابت ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ عدد نمبر "8" کے افراد بھی آپ کے بہتر دوست و احباب ثابت ہوں گے ان سب سے آپ کا تعلق خوشگوار رہے گا جب کہ عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 5 سے بہت محتاط رہیں۔

ممکنہ موزوں پیشے

سماجی بہبود کے ادارے، صحافت، فلم سازی، حکمت، تعلقات عامہ، تصنیف و تالیف کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے اعلیٰ انتظامی عہدوں میں دوسرے شعبوں سے زیادہ کامیابی کا امکان ہے۔

شریک حیات

دیگر اہم ترین معاملوں کی طرح شریک حیات کا انتخاب بھی ایک اہم اور نازک معاملہ ہے۔چونکہ آپ کے نام کا عدد "4" ہے اس لئے جیون ساتھی کے سلسلے میں اس کا انتخاب کیجئے جس کے نام کا عدد "6" ہو یا پھر "8" اگر آپ ایسا

کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو سمجھیں زندگی میں خوشیاں ہی خوشیاں ہوں گی خواہ حالات کیسے بھی رہیں اس کے برعکس عدد نمبر ''3'' اور عدد نمبر ''5'' سے محتاط رہیں ان لوگوں سے بھلائی کی توقع فضول ہے کیونکہ اعداد اپنے خواص رکھتے ہیں۔ اگر بات سمجھ میں نہ آئے تو اس کتاب کا باب ''اعداد کا طلسم کدہ'' دوبارہ پڑھیں۔ بات اچھی طرح سمجھ میں آ جائے گی ہر چیز کی طرح اعداد کی بھی حیثیت واہمیت اپنی جگہ ہے۔

تندرستی اور علاج

مثانے اور گردے کی تکالیف، ہسٹریائی دورے، سردرد، پنڈلیوں میں درد، جسم کا گرم ہونا اور خون کی کمی وغیرہ شامل ہیں۔ پھلوں، سبزیوں کا استعمال زیادہ رکھیں۔ مرغن غذاؤں سے پرہیز کریں۔ طبیعت خراب ہونے پر خود کردہ علاج کے بجائے فوری ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد ''4'' ہو۔ اس کا ورد کریں رات میں سوتے وقت اس کی ایک تسبیح پڑھیں۔ زندگی میں خوشگوار تبدیلی آ جائے گی۔

عدد نمبر ''5'' کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر ''5'' کے حامل افراد و خواتین کا تعلق سیارہ عطارد سے ہے اور ان کا عنصر ہوا ہے۔ یہ افراد بڑے موڈی اور سچائی فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ ہوا کی طرح ان کی عادت و مزاج بدلتا رہتا ہے۔ بڑی پرکشش اور اخلاق کے حامل ہوتے ہیں کسی بھی فرد سے دوستی ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے ساتھ ہی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ہر عدد کے افراد کے ساتھ ان کا نباہ ہو جاتا ہے۔ یہ افراد بہت تیزی سے سوچتے ہیں اور جلد ہی فیصلہ بھی کر ڈالتے ہیں خواہ اس کے نتائج کچھ بھی مرتب ہوں۔ یہ لوگ اپنے ذہن کا بہت استعمال کرتے ہیں اس لئے عموماً ان کے دماغ پر خاصہ بوجھ رہتا ہے۔ اس عدد کی بیشتر تعداد رات کو دیر تک جاگتی ہے۔ حد تو یہ ہے کہ پوری پوری رات جاگ کر گزار دیتے ہیں اس لئے صبح دیر تک سونے کے عادی ہوتے ہیں۔ عموماً یہ لوگ ذہین ہوتے ہیں۔ نت نئے تجربات کرتے رہتے ہیں۔ ہمیشہ تصویر کا روشن پہلو دیکھتے ہیں۔ خوش امید ہوتے ہیں اور مثبت نتائج کی توقع رکھتے ہیں۔ یہ خاصے رمز شناس ہوتے ہیں اگر انہیں موقع مل جائے تو یہ ہر قسم کے کاروبار و ملازمت میں خاصہ فروغ حاصل کر لیتے ہیں۔ ایک اہم بات یہ لوگ مرد ہوں یا خواتین اپنی عمر سے کہیں چھوٹے دکھائیں دیتے ہیں۔

عدد نمبر 5 والوں کا عنصر چونکہ ہوا ہے اور ہوا کو پابند نہیں کیا جا سکتا بالکل اسی طرح ان لوگوں کو پابند کرنا ممکن نہیں۔ احکامات ماننا اور پابندی برداشت کرنا ان لوگوں کی لغت میں نہیں ویسے بھی موڈی فطرت کے مالک ہوتے ہیں طنز و مزاج کو پسند کرتے ہیں اپنے امور میں مکمل دلچسپی کے ساتھ کام کرتے ہیں اور دل لگا کر کرتے ہیں نت نئے دوست بنا کر خوش ہوتے ہیں۔ تاہم بعض اوقات اپنے ہی وضع کردہ اصولوں اور فیصلوں سے اکتا جاتے ہیں ان پر زیادہ دیر کاربند نہیں رہتے۔ یہ ان کی ذات کا مثبت پہلو ہے کہ یہ لوگ

کاروباری طور پر اچھے بزنس پارٹنر ثابت ہوتے ہیں۔ اپنا کام ہو یا دوسروں کا یہ افراد تمام امور اور کام کو نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہیں، ان کی ذات میں منفی پہلو کم اور مثبت پہلو زیادہ ہوتے ہیں شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ یہ لوگ انتہائی مجبوری میں جھوٹ بولتے ہیں، سچ کے پجاری ہوتے ہیں سچ بولنا اور سچ سننا پسند کرتے ہیں۔

عدد نمبر 5 کے مالک زیادہ تر فلرٹ ہوتے ہیں۔ مہینے دو مہینے میں ایک دو لڑکیوں سے اوور ٹائم والا رومانس ان کے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ خوش طبع، ہنس مکھ اور رومان پسند ہوتے ہیں۔ ہنسنے ہنسانے کو پسند کرتے ہیں خصوصاً صنف مخالف میں تو یہ لوگ لطائف، شعر و شاعری اور اپنی معلومات سے اچھی خاصی دھاک بٹھا دیتے ہیں۔ اس عدد سے متعلق ادیبوں کی ایک بڑی اور حیرت انگیز تعداد موجود ہے جو اپنے اصل نام کے بجائے فرضی ناموں سے تصنیف و تالیف کرتی ہے۔ چونکہ یہ لوگ سچے اور حقیقت پسند ہوتے ہیں اس لئے حقیقت کے خلاف کسی بات سے متاثر نہیں ہوتے، جمہوری مزاج کے حامل یہ افراد تحریر و تقریر اور آزادئ رائے کا دل سے احترام کرتے ہیں۔

عدد نمبر 5 کے حامل افراد، کسی بھی معاملے میں فیصلہ کرنے کے لئے نہایت عجلت سے کام لیتے ہیں لیکن جب عمل کا وقت آتا ہے تو سست ہو جاتے ہیں اتنی تیزی نہیں دکھاتے جتنا فیصلہ کرنے میں جلدی کرتے ہیں۔ ان افراد کا مزاج، موڈ اور طبیعت چونکہ سیمابی ہوتی ہے اس لئے پل پل رنگ بدلتے ہیں۔ ان کے طرز عمل میں موڈ کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ کردار خواہ کیسا بھی ہو وہ بدل نہیں سکتا اگر یہ لوگ برے ہیں تو دنیا کی کوئی طاقت نصیحتوں کے ذریعے انہیں اچھا نہیں بنا سکتی، ہاں اگر یہ خود تبدیل ہونا چاہئیں تو سیکنڈوں میں بدل سکتے ہیں۔ بہت سے کاموں کا انحصار ان کے موڈ پر ہوتا ہے۔ یہ متلون مزاج کے لوگ ہمیشہ خوش امید رہتے ہیں اور مثبت و تعمیری نتائج کی توقع رکھتے ہیں۔

عدد نمبر 5 کی حامل خواتین بھی اسی عدد کے مردوں کی طرح خصوصیات کی حامل

ہوتی ہیں۔ پرکشش اور اپنی عمر سے کم نظر آنے والی یہ خواتین بھی سیمابی فطرت کی مالک ہوتی ہیں۔ ان کی زیادہ تعداد فلرٹ ہوتی ہے۔ حسن پسند، ہنسنے ہنسانے والی یہ خواتین قدرے ہر جائی فطرت کی حامل ہوتی ہیں۔ لیکن یہ بھی درست ہے کہ اگر انہیں کسی مرد سے محبت ہو جائے تو اس پر اپنا سب کچھ قربان کر دیتی ہیں وہ ان کی اپنی دولت ہو یا پھر ان کا حسین و پرکشش سراپا، یہ سب ان کے موڈ پر منحصر ہوتا ہے۔ اگر یہ شادی شدہ اور بال بچوں والی ہیں تو بھی انہیں بچوں کی تعلیم و تربیت سے زیادہ اپنے وجود اور فکر کی فکر رہتی ہیں۔ اپنے بناؤ سنگھار اور میک اپ کو دوسرے تمام کاموں پر ترجیح دیتی ہیں۔ اپنی مرضی اور شوق سے تمام کاموں کو نمٹاتی ہیں۔ اپنے کام کو وقت سے پہلے سرانجام دے ڈالتی ہیں تاہم اگر ان کا موڈ نہ بنے تو وہ کام مہینوں یونہی پڑا رہتا ہے۔

عدد نمبر 5 کی خواتین اسی عدد کے مردوں کی طرح شدید ترین صدمے اور پریشانی کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ یہ مصائب اور حوادث کو بہت زیادہ اہمیت نہیں دیتیں۔ اور نہ ہی زیادہ عرصہ ان سب کا اثر لیتی ہیں۔ مشکلات و پریشانی کو بھول کر نئے سرے سے زندگی کے امور میں دلچسپی لینا شروع کر دیتی ہیں۔ مجموعی طور پر اس عدد سے متعلق خواتین پرکشش، نسائیت سے بھرپور اور ہنسنے ہنسانے والی ہوتی ہیں۔

مبارک دن

عدد نمبر 5 کے حامل حضرات و خواتین کے لئے علم الاعداد کے حساب سے عمدہ دن بدھ ہے۔ مرد و خواتین دونوں اگر اپنے پسندیدہ امور کا آغاز بدھ سے کریں تو مبارک ثابت ہوگا۔

سعد تاریخ

کسی بھی ماہ کی 5-14-23 تاریخیں آپ کے لئے موزوں اور سعد ثابت ہوں گی۔ نئے سفر کا آغاز، نئے کام کی ابتدا وغیرہ انہی تاریخوں میں کریں تو زیادہ مناسب ہے۔

موزوں نگینہ

ہیرا ان لوگوں کے لئے مبارک ترین پتھر ہے چاندی یا پلاٹینم میں پہنیں۔ کامیاب رہیں گے دوسرے نمبر پر زمرد بھی پہن سکتے ہیں لیکن سفید دھات میں پہنیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 5 کے حامل افراد خواتین کے لئے، مالٹائی، شربتی اور اورنج رنگ بہت عمدہ ہیں۔ ان افراد کو چاہیئے کہ مذکورہ رنگوں کو ترجیح دیں یہ موزوں ثابت ہوں گے۔

انقلابی مہینے

اس عدد کے مالک افراد کے لئے جون، ستمبر اور دسمبر بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ہر اچھی بری بات کے لئے اپنے آپ کو تیار رکھیں۔ غیر متوقع کامیابی کا بھی امکان ہے۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد "5" ہوگا۔ بیشتر تغیر و تبدیلی کا مالک ہوگا۔ کوئی بھی کاروبار یا نیا کام شروع کریں انشاء اللہ کامیابی ساتھ ساتھ ہوگی۔

چند مشہور شخصیات

کارل مارکس، لوئیس کیرول، ڈرامہ نگار ولیم شیکسپیر، تھامکس ہڈ، جوزیفائن شیلے برمن، پیانو کا موجد ائیرڈ، سینٹ لوئیس آف فرانس اور تھامس ایڈیسن وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 5 کے حامل افراد کے لئے موزوں ترین دوستی عدد نمبر 5 ہی سے ہے اس کے علاوہ عدد نمبر "3" اور عدد نمبر "9" آپ کے عمدہ احباب ثابت ہوں گے۔ ان لوگوں سے بلا تکلف دوستی کریں۔ تاہم عدد نمبر "2" اور عدد نمبر "4" سے دور ہی رہیں مناسب ہوگا۔

ممکنہ موزوں پیشے

براڈ کاسٹنگ، دستکاری، درس و تدریس، شعبد تصنیف و تالیف، ایجادات، ہر امور کی سر براہی، ذاتی کاروبار، سیلز مین شپ وغیرہ میں آپ زیادہ کامیاب رہیں گے۔

شریک حیات

زندگی کے لئے ہم سفر کا انتخاب بہت اہم فیصلہ ہوتا ہے۔ یہ آسان نہیں ہوتا۔ آپ کے نام کا عدد ''5'' ہے۔ آپ کے لئے سب سے عمدہ انتخاب عدد ''5'' ہی ہے۔ یا پھر عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 9 سے آپ کا نباہ خوب ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا ممکن ہے تو دیر نہ کیجئے آپ کی تمام زندگی مسرتوں میں گزرے گی۔ تاہم ان لوگوں سے مکمل محتاط رہیں جن کے نام کے عدد ''2'' اور ''4'' ہوں۔ یہ افراد آپ کے لئے بالکل نامناسب ہوں گے۔ مزید تفصیل سمجھنے کے لئے اس کتاب کا باب ''اعداد کا طلسم کدہ'' پھر پڑھ لیں۔ مطلب واضح ہو جائے گا۔

تندرستی اور علاجا

عدد نمبر 5 کے حامل افراد جتنا وزن اپنے اعصاب و دماغ پر ڈالتے ہیں دوسرے اعداد میں اس کی نظیر کم ہی ملے گی۔ نروس بریک ڈاؤن، جسم کے مختلف حصوں کا پھڑکنا، نظام ہاضمہ کی خرابیاں وغیرہ لاحق ہو سکتی ہیں۔ گہری اور پرسکون نیند ان کا پہلا علاج ہے خوراک میں گاجر کھیرا، کچا شلجم اور میوہ جات میں بادام گری کشمش اور پانچوں مغز استعمال میں لائیں۔

آپ کا وظیفہ

خالق کائنات کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد ''5'' ہو۔ اس کا ورد کریں۔ وقت کی پابندی نہیں۔ جب موقع ملے مسلسل ورد جاری رکھیں ایک تسبیح رات میں پڑھ لیں انشاء اللہ بگڑے کام بن جائیں گے۔

عدد نمبر "6" کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر 6 کے حامل افراد و خواتین کا تعلق سیارہ زہرہ سے ہے ان لوگوں کا عنصر ہوا ہے جب کہ مزاج میں حاکمیت پائی جاتی ہے۔ پرکشش و اسمارٹ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں تاہم منفی پہلو ہو یا مثبت پہلو دونوں صورتوں میں شدت پسند ہوتے ہیں۔ محبت کے معاملے میں بہت مستقل مزاج ثابت ہوتے ہیں۔ جس سے بھی محبت کرتے ہیں تمام عمر اسے یاد رکھتے ہیں بھولتے نہیں ہیں۔ دوسروں کی خوشی انہیں اپنی خوشی سے زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ کسی قسم کی مقابلے بازی یا حسد سے انہیں شدید نفرت ہوتی ہے۔ لیکن ان کی ذات کے منفی پہلوؤں میں سے ایک پہلو یہ ہے کہ جب انہیں غصہ آتا ہے تو تمام باتوں کو اور ہر قسم کے تعلقات کو فراموش کر بیٹھتے ہیں۔ حسن پرست ہوتے ہیں۔ آئیڈیل کو پوجتے ہیں رومانی جذبات کی قدر کرتے ہیں۔ ان افراد کی شخصیت سحر خیز ہوتی ہے دوسرے افراد خود بخود ان کی جانب راغب اور متوجہ ہو جاتے ہیں۔ عموماً لوگ ان سے محبت کرتے ہیں۔

عدد نمبر 6 کے حامل افراد متحمل مزاج اور انصاف پسند ہوتے ہیں۔ پریشانی اور مصیبت کی گھڑیوں میں صبر اور تحمل کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ مہذب اور قدرے شرمیلے ہوتے ہیں۔ یہ افراد کسی بھی معاملے یا سلسلے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتے کسی بھی معاملے کا فیصلہ کرنے سے پہلے اس کا اچھی طرح جائزہ لیتے ہیں ہر پہلو پر اچھی طرح غور کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہی عمل پیرا ہوتے ہیں اگر ان کے ہاتھ میں کوئی فیصلہ دیا جائے تو انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہیں۔ ان افراد میں ایک بات بہر حال دوسروں سے جداگانہ ہے یہ دوستی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے دوستی ان کے لئے اتنی ہی

ضروری ہے جتنا زندگی کے لئے سانس لینا۔ یہ لوگ ہر معاملے میں انصاف کے ترازو کے دونوں پلڑے برابر رکھتے ہیں خواہ وہ مسئلہ ان کا خانگی ہو، رشتہ داروں کا ہو یا پھر دوستی سے متعلق ہو سب کو ایک نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

عدد نمبر 6 سے تعلق رکھنے والے افراد جمالیاتی ذوق کچھ زیادہ ہی رکھتے ہیں۔ یہ عموماً ایسے ماحول کو پسند کرتے ہیں جہاں ان کے مزاج کے مطابق افراد موجود ہوں اور ان میں بھی زیادہ تعداد خواتین کی ہو تو یہ تسکین محسوس کرتے ہیں۔ ایسے لوگ سے دوستی کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں جن کا تعلق فنون لطیفہ سے ہو یا اس میں گہری دلچسپی رکھتے ہوں تخلیق کاروں اور فنکاروں سے بھی ان کی دوستی خوب نبھتی ہے۔ درحقیقت عدد نمبر 6 والے خود بھی اچھے تخلیق کار اور فنکار ثابت ہوتے ہیں۔ ان کے ذوق کا آئینہ ان کا گھر ہوتا ہے اپنے گھر کی سجاوٹ میں یہ افراد بھرپور دلچسپی لیتے ہیں۔ حسن پرست ہوتے ہیں لیکن گھر کے معاملے میں بہت حساس۔ انہیں موسیقی سے بھی کافی لگاؤ ہوتا ہے ساتھ ہی نادر تصویروں کے شوقین بھی ہوتے ہیں۔ ان میں سے جن لوگوں کے پاس دولت ہوتی ہے وہ فن کے نادر نمونوں پر بے تحاشا دولت خرچ کر ڈالتے ہیں۔ یہ اپنے عزائم میں بہت پختہ ہوتے ہیں۔ کسی سے کم ہی مغلوب ہوتے ہیں لیکن جہاں یہ لوگ دل کے ہاتھوں مجبور ہو جائیں یا کوئی دلچسپی کا پہلو ہو وہاں مجبور ہو جاتے ہیں اور سامنے والے کی بات تسلیم کر لیتے ہیں ویسے ان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے دوست احباب ان سے خوش رہیں کسی کو جان بوجھ کر ناراضگی کا موقع نہیں دیتے۔ تاہم جب ان افراد کو غصہ آتا ہے تو ہر بات کو فراموش کر بیٹھتے ہیں۔ اشتعال کی حالت میں ہر قسم کی عایت اور مروت کو پس پشت ڈال دیتے ہیں انہیں غصے میں خود اپنا بھی ہوش نہیں رہتا۔ ان کے منفی پہلوؤں میں پہلے نمبر پر ان کا غصہ ہے جو آؤٹ آف کنٹرول ہوتا ہے۔

عدد نمبر 6 سے تعلق رکھنے والے افراد جہاں موسیقی اور فنون لطیفہ میں دلچسپی لیتے ہیں وہیں یہ لوگ سیر و تفریح کے بھی شوقین ہوتے ہیں۔ پکنک وغیرہ کے پرگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ مہمان ہو یا میزبان، آداب مجلس کا بطور خاص خیال رکھتے ہیں دوسرے افراد ان کی رفاقت کو پسند کرے ہیں۔ اگر یہ لوگ اپنے غصہ کی عادت پر قابو پالیں تو ان سے بہتر افراد مشکل ہی سے ملیں گے۔ ایک مزیدار بات ان میں اور ہے یہ لوگ نئے نئے انوکھے اور دلچسپ دوست بنانے میں کوشاں رہتے ہیں ان میں لڑکے بھی ہوتے ہیں اور لڑکیاں بھی۔ اکثر رومانی جوڑے بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

عدد نمبر 6 سے متعلق خواتین عموماً پرکشش، دلکش اور نسائیت سے بھرپور ہوتی ہیں۔ اپنے مخصوص سراپے اور کشش انگیز شخصیت کی بنا پر دوسری خواتین سے منفرد نظر آتی ہیں۔ جہاں پرکشش اور سمارٹ ہوتی ہیں وہیں اچھی مقررہ، اور خوش بیانیوں کی خوبیوں سے مالا مال ہوتی ہیں۔ ذہنی طور پر عمام طور سے قابل ہوتی ہے۔ بحث و مباحثہ، بات کرنے کا فن انہیں خوب آتا ہے۔ بحث میں تو لوگ عموماً ان کے سامنے نروس فیل کرتے ہیں۔ اگر یہ خواتین کسی سیاسی پارٹی میں شامل ہوں تو بہت عمدہ اور قابل سیاسی کارکن ثابت ہوتی ہیں۔

عدد نمبر 6 کے افراد کی طرح یہ خواتین بھی موسیقی کی دلدادہ ہوتی ہیں۔ صحیح معنوں میں یہ موسیقی کو روح کی غذا سمجھتی ہیں اس کے علاوہ وہ قیمتی ملبوسات اور اعلیٰ درجے کی خوشبویات ان کی کمزوری ہوتی ہیں۔ عمدہ تراش خراش کے جدید ملبوسات اور عمدہ پرفوم کی بہت شوقین ہوتی ہیں نہ صرف پسند کرتی ہیں بلکہ استعمال بھی کرتی ہیں۔

رومانس کے معاملے میں یہ خواتین اپنا ہی معیار رکھتی ہیں۔ ان کا محبوب ان کی رفاقت میں سکون آمیز راحت محسوس کرتا ہے۔ یہ رومان اور محبت کے

معاملے میں مخلص ہوتی ہیں۔ فلرٹ پسند نہیں کرتیں تاہم محبت کے معاملے میں بھی ان کا فیصلہ فوری جلد بازی سے نہیں ہوتا۔ کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے اس کے ہر پہلو پر غور کرتی ہیں۔ ہر بات کا بغور جائزہ لینے کے بعد ہی کسی نتیجے پر پہنچتی ہیں اور جب ایک مرتبہ فیصلہ کر لیتی ہیں تو پھر اپنے اس فیصلے پر ڈٹ جاتی ہیں۔ اپنے امور میں بڑی مضبوط ہوتی ہیں۔ کچے پکے فیصلے نہیں کرتیں۔

مبارک دن

یوں تو سب ہی دن اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے ہیں مگر علم الاعداد کے حساب سے کچھ دن لوگوں کے لئے زیادہ مفید ہوتے ہیں۔ آپ کے لئے جمعہ سعد دن ہے اس پر توجہ دیجئے۔

سعد تاریخ

کسی بھی مہینے کی سعد تاریخ 6-15-24 تاریخیں آپ کے لئے عام تاریخوں سے زیادہ مبارک ثابت ہوں گی۔ سفر یا نئے گھریلو امور کی ابتداء ان تاریخوں سے کریں تو نتائج عمدہ ثابت ہوں گے۔

موزوں نگینہ

اس عدد سے متعلق افراد کے لئے سب سے موزوں نگینہ فیروزہ ہے یہ آپ کے لئے خوش بختی کی علامت ہے مزید پتھروں میں زمرد اور در سفید بھی استعمال میں لائے جا سکتے ہیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 6 کے حامل افراد وخواتین کے لئے جو رنگ موزوں ہو سکتے ہیں ان میں، نیلا سبز، گلابی اور پیازی وغیرہ شامل ہیں تاہم سیاہ اور قرمزی رنگ سے اجتناب برتیں۔

انقلابی مہینے

اس عدد کے حامل افراد و خواتین کے لئے، مئی، اکتوبر اور نومبر بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کے لئے ان مہینوں کو ترجیح دیں۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد "6" ہوگا۔ اہم اور انقلابی ثابت ہوگا یہ اہمیت منفی بھی ہوسکتی ہے اور مثبت بھی۔ تاہم غیر متوقع کامیابیوں کی توقعات زیادہ ہیں۔

چند مشہور شخصیات

نپولین اول، اسرائیلی لیڈر بن گوریان، بر جینا بار دوت جون آف آدک، ڈاکٹر جے۔ بی نرائن۔ پنڈت جوہر لال نہرو اور مہاتما گاندھی وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 6 سے متعلق افراد کے لئے موزوں ترین عدد "4" والے افراد ہیں اس کے علاوہ آپ کے عمدہ تعلقات نمبر 3 اور عدد نمبر 9 والے افراد بھی آپ کے اچھے اور عمدہ احباب ثابت ہوں گے۔ آپ کو جن سے محتاط اور دور رہنے کی ضرورت ہے وہ ہیں عدد نمبر "1" اور عدد نمبر "8"۔

ممکنہ موزوں پیشے

آپ جن شعبوں میں نمایاں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں ان میں، قانون کے شعبے، سفارتی مشن اکاؤنٹنگ، درس و تدریس، ایکسپورٹ، امپورٹ، ہیر سیلون اور سماجی بہبود کے شعبے وغیرہ۔

شریک حیات

شریک زندگی کا انتخاب زندگی کا نازک ترین فیصلہ ہے ذرا سا غلط فیصلہ زندگی کو جہنم بنا سکتا ہے۔ کوشش کیجئے کہ آپ کے ہم سفر کے نام کا عدد ''4'' ہو۔ اگر ایسا ہو گیا تو یقین جانیئے دنیا میں جنت مل گئی دیگر شخصیات میں عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 9 والے حضرات شامل ہیں۔ ان کے ساتھ بھی عمدہ اور خوشگوار ازدواجی تعلقات برقرار رہ سکتے ہیں۔ تاہم انتخاب کے وقت عدد نمبر ''1'' اور عدد نمبر 8 سے مکمل اجتناب برتئے۔ ان اعداد کے حامل افراد سے آپ کی نہیں نبھ سکتی۔ مزید معلومات کے لئے پڑھیئے۔ ''اعداد کا طلسم کدہ'' اس کتاب میں ہے۔

تندرستی اور علاج

اس عدد کے حامل افراد عام طور سے کھانسی، گلے اور ناک کی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ پھیپھڑوں کی بیماری بھی تنگ کر سکتی ہے اور دل کے عوارض بھی ہو سکتے ہیں انہیں چاہیئے کہ کھلی اور صاف ہوا میں رہیں جہاں آکسیجن کی مقدار زیادہ ہو دوسرے پھلوں اور سبزیوں کے ساتھ ہی گل قند اور آنولے کا مربع استعمال کرتے رہیں۔ فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد ''6'' ہو۔ اس کا ورد کریں۔ اٹھتے بیٹھتے جب بھی خیال آجائے ورد جاری رکھیں۔ انشاء اللہ غیر متوقع طور پر معاملات بنتے چلے جائے گے۔

عدد نمبر ''7'' کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر ''7'' سے تعلق رکھنے والے حضرات و خواتین سیارہ نیپچون سے متعلق ہوتے ہیں اور ہوا ان کا عنصر ہے۔ چونکہ عنصر ہوا ہے اس لئے یہ افراد بڑے آزاد طبع واقع ہوتے ہیں۔ کسی قسم کی پابندی کو قبول نہیں کرتے مادی اشیاء کی انہیں ذرا پرواہ نہیں ہوتی، اپنی محنت اور صلاحیت سے دولت کماتے ہیں اور جلد ہی امیر و کبیر بن جاتے ہیں۔ دفائی اور فلاحی کاموں میں بہت بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور بے دریغ پیسہ خرچ کرتے ہیں۔ فلسفیانہ ذہنیت کے حامل یہ افراد، غیر ملکی رہن سہن، رسم ورواج اور طور طریقوں میں گہری دلچسپی لیتے ہیں خود سفر کرنا بھی پسند کرتے ہیں اور سفرنامے مرتبہ کرنے کے شوقین بھی ہوتے ہیں۔ ان میں سے جن کو سفر کرنے کا موقع ملتا ہے وہ ضرور غیر ممالک میں جا کر سیر و تفریح کرتا ہے۔ یہ لوگ دنیاوی علوم میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اور ان علوم سے خوب آگاہی رکھتے ہیں مختلف علوم سے انہیں گہری دلچسپی ہوتی ہیں۔

عدد نمبر 7 کے حامل افراد و خواتین کی شخصیت ناقابل تسخیر ہوتی ہے۔ یہ مختلف خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔ فرض شناسی، جفا کشی، دیانت داری، عمل پسندی اور با اعتمادی ان کے اوصاف حمیدہ ہوتے ہیں مزاجی طور پر عمدہ خیالات اور اوصاف کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی بیشتر تعداد قرامت پسند ہوتی ہے۔ پرانی اشیاء پرانے مکان یا پھر تاریخی موضوعات میں ان کی پسندیدگی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ پر اخلاق، مہذب اور مضبوط قوت ارادی کے حامل ہوتے ہیں۔ یہ سب کا احترام کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں اسی لئے زیادہ تعداد ان کی عزت کرتی ہے۔ اگر کوئی ان پر احسان کردے تو اس کے احسان کا بدلہ چکانے کے لئے بے چین

گہوارے ہوتے ہیں چونکہ زندگی میں سکون حاصل ہوتا ہے اس لئے ان کی ساری انرجی دیگر صلاحیتوں میں خرچ ہوتی ہے اور یہ لوگ دوسرے افراد کے مقابلے میں زیادہ کامیاب نظر آتے ہیں۔ یہ افراد تخلیقی صلاحیتوں کے حامل، محنتی و جفاکش، رومان پرور اور دیگر بہت سے اوصاف کے حامل و مالک ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 7 کی حامل خواتین وجدانی کیفیت کی مالک ہوتی ہیں۔ اپنے عدد کے مردوں کی طرح یہ خواتین بھی بہت سی خوبیوں اور صلاحیتوں کی حامل ہوتی ہیں جھوٹ فریب اور ریاکاری سے انہیں نفرت ہوتی ہے اپنے گھریلو ماحول کو نا صرف خوشگوار رکھتی ہیں بلکہ گھر کی تزئین و آرائش میں لگی رہتی ہیں۔ ان خواتین کی شادی عموماً ان کے خاندان اور اور رشتے داروں میں ہوتی ہے۔ ماحول چونکہ جانا پہچانا ہوتا ہے اس لئے فوری طور پر کوئی خانگی مسائل سامنے نہیں آتے اور جب عرصہ بیت جاتا ہے تو دونوں ایک دوسرے کے مزاج سے آشنا ہو چکے ہوتے ہیں۔

اگرچہ اس عدد کی خواتین بڑا رومانی مزاج رکھتی ہیں۔ صاف ستھرے لباس اور ہلکا پھلکا میک اپ انہیں پسند ہوتا ہے۔ مردوں کی طرح یہ خواتین بھی اپنے آئیڈیل کی تلاش میں رہتی ہیں وقت گزرتا چلا جاتا ہے آئیڈیل تو نہیں ملتا شوہر مل جاتا ہے اور زندگی کی گاڑی ایک لگی بندھی راہ پر چل نکلتی ہے۔ یہ خواتین چونکہ خیالی دنیا میں رہتی ہیں کسی حد تک تنہائی انہیں پسند ہوتی ہے اور اپنے آئیڈیل کے فرضی تصور میں گم رہتی ہیں زیادہ نمایاں ہونا خواہ شادی بیاہ ہو یا گھریلو تقریبات انہیں پسند نہیں ہوتا۔ دوسری خواتین کی طرح یہ ہر معاملے میں پیش پیش نہیں رہتیں۔ شادی کے بعد اپنے شوہر اور گھر سے محبت کرتی ہیں وہی ان کی منزل ہے۔

ہم نے ابتداء میں عرض کیا تھا کہ ان خواتین میں وجدانی کیفیت پائی جاتی ہے۔ یہ اگر کبھی کچھ کہتی ہیں تو نظر انداز نہ کریں کیونکہ ان کی بات عموماً صحیح ثابت ہوئی ہے۔

مبارک دن

عدد نمبر 7 کے حامل افراد کے لئے منگل کا دن سعد ثابت ہوگا۔ تاہم اپنے امور آپ آدھے پیر کے دن سے منگل کے دن تک تکمیل دے سکتے ہیں یہ ڈیڑھ دن مبارک ثابت ہوگا۔

سعد تاریخ

اس عدد کے حامل افراد کے لئے 7-16-25 تاریخیں بہت مناسب و مبارک ثابت ہوں گی۔ کیونکہ ان تینوں تاریخوں کا مفرد عدد "7" ہے۔ جو آپ کا اپنا عدد ہے۔

موزوں نگینہ

آپ کے لئے نگینہ حجر القمر بہت مبارک ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ تمام سرخ رنگ کے پتھر استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن یہ پتھر چاندی یا کسی بھی سفید دھات میں پہنیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 7 کے مالک افراد کے لئے جو رنگ موزوں اور سعد ہوتے ہیں ان میں، نیلا بنفشی اور آسمانی شامل ہیں سبز اور تمام قسم کے آسمانی رنگ استعمال کر سکتے ہیں۔

انقلابی مہینے

ان افراد کے لئے جو مہینے غیر متوقع اہمیت کے ثابت ہو سکتے ہیں وہ ہیں۔ جنوری فروری، جولائی اور اگست، اگر آپ کسی کاروبار کی سوچ رہے ہیں تو ان ماہ میں شروع کریں۔

اہم سال

ہر وہ سال جس کا مفرد عدد "7" بنے۔ آپ کی زندگی میں چونکانے والے واقعات کا باعث ہوگا۔ یہ حیرت انگیز انقلاب اپنے پہلو میں دونوں خصوصیات لئے ہوئے ہوتا ہے۔

چند مشہور شخصیات

مشہور زمانہ شاعر ولیم ورڈز ورتھ، البرٹ براؤننگ، جگر مراد آبادی، سر آئزک نیوٹن برطانیہ کی ملکہ الذبتھ، مولانا محمد علی جوہر اور معروف ڈرامہ نگار آسکر وائلڈ وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

آپ کے عدد نمبر 7 کے لئے موزوں ترین عدد نمبر 3 کے حامل افراد خواتین ہیں۔ اس کے علاوہ عدد نمبر 2 اور عدد نمبر 6 کے مالک افراد بھی آپ کے بہترین دوست اور رشتہ دار ثابت ہوں گے۔ عدد نمبر 1 اور عدد نمبر 9 سے تعلقات نہ بڑھائیں یہ مخالف عدد ہیں ان سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔

ممکنہ موزوں پیشے

عدد نمبر 7 کے مالک جن شعبوں میں نمایاں کامیاب ہو سکتے ہیں ان میں سرکاری ملازمت، سیلز مین شپ، تجارت و کاروبار، انجینئرنگ، محکمہ سراغرسانی اور فوجی ملازمت وغیرہ ہیں۔

شریک حیات

کسی بھی شخص کی زندگی میں یہ اہم ترین معاملہ ہوتا ہے۔ لمحوں کی غلطی سالوں کے لئے عذاب ثابت ہوتی ہے۔ اس لئے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چاہیئے

بہر حال علم الاعداد کے حوالے سے کوشش کریں کہ آپ کے جیون ساتھی کے نام کا عدد "3" ہو اگر ایسا ممکن نہیں تو عدد نمبر 2 اور عدد نمبر 6 کے حامل افراد میں سے کسی کا بھی انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ زندگی میں خوشگواریت رہے گی اور ماحول پرسکون رہے گا۔ عدد نمبر 1 اور عدد نمبر 9 کے حامل افراد کو قطعی جیون ساتھی نہ بنائیں یہ آپ کے نام کے عدد سے ہم آہنگ نہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے اس کتاب کا باب "اعداد کا طلسم کدہ" غور اور سمجھ سے پڑھیے۔ بات سمجھ میں آ جائے گی۔

تندرستی اور علاج

اس عدد سے متعلق افراد آنتوں کی بیماریوں، اپنڈی سائیٹ، مثانہ کی گرمی، درد گردہ، دمہ، اختلاج قلب اور بدہضمی کے شکار ہوتے ہیں یا ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ ان کے لئے خربوزہ، انگور، کاسنی کے پھول، بند گوبھی، سیب، مولی کا نمک اور اسپغول کی بھوسی وغیرہ کا استعمال بہت ہی مفید ثابت ہو سکتا ہے اور صحت کے لئے ضروری بھی۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد "7" ہو۔ اس کی ایک تسبیح روزانہ رات کو سوتے وقت پڑھیں۔ انشاء اللہ تمام معاملات بنتے چلے جائیں گے۔

عدد نمبر "8" کا تعارف اور خصوصیت

اس عدد کے حامل مرد و خواتین کا تعلق سیارہ زحل سے سمجھا جاتا ہے۔ عنصر ان کا آبی (پانی) ہے۔ یہ افراد و خواتین عام طور سے دوسرے لوگوں کی غلط فہمیوں کا شکار رہتے ہیں ساتھ ہی شکی مزاج ہوتے ہیں۔ خود ہی کسی بات یا معاملے کا مطلب نکال بیٹھتے ہیں۔ مشاورت کی انہیں عادت نہیں ہوتی، غلط سلط اندازے قائم کر کے بیٹھ جاتے ہیں دوسرے یہ کہ انہیں اپنے احساسات چھپانے کی بھی عادت ہوتی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ دوسرے افراد انہیں صحیح طور پر نہیں سمجھ پاتے اور جب سمجھ ہی نہیں پاتے تو مشورہ کیا دیں گے شاید یہی وجہ ہے کہ عدد نمبر 8 والے حضرات خود کو تنہا محسوس کرتے ہیں۔ انہیں تنہائی کا احساس مزید پریشان کر دیتا ہے اور اس سلسلے میں کسی دوسرے کی غلطی نہیں از خود یہ اپنی کوتاہیوں کے ذمہ دار ہیں دوسروں کی توصحت پر اثر نہیں پڑتا یہ خود ہی جلتے سلگتے رہتے ہیں۔

عدد نمبر 8 کے حامل افراد عموماً اپنے چہرے پر نقاب چڑھائے رہتے ہیں۔ یعنی مصلحت کا نقاب، بہت گہری شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔ یہ اوپری طور پر آپ کو پرسکون نظر آئیں گے بالکل اس سمندر کی طرح جو اوپر سے بظاہر پرسکون نظر آتا ہے لیکن اس کے اندر کتنے ہی طوفان اور جوار بھاٹا سمٹے ہوئے ہیں۔ اپنے جذبات چھپانے میں انہیں ملکہ حاصل ہوتا ہے۔ دوسروں کے جذبات اور احسات کی انہیں قطعی پرواہ نہیں ہوتی اور نہ ہی اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ رائے عامہ ان کے بارے میں کیا سوچتی ہے۔ کیا سمجھتی ہے اور کیا کہتی ہے یہ لوگ یا تو عظیم الشان کامیابی حاصل کر لیتے ہیں یا پھر شدید ناکامی سے دوچار ہو جاتے ہیں۔ میانہ روی تو شاید ان میں ہے ہی نہیں اور نہ ہی کوئی درمیانی راستہ۔ یہ افراد اپنی زندگی میں آریا

پار کے قائل ہوتے ہیں یا ایسا خود بخود ہوتا ہے اس کی تو کوئی تاویل پیش نہیں کی جا سکتی ہاں دنیاوی نکتہ نگاہ سے عدد نمبر 8 کو سعد نہیں سمجھا جاتا۔ اسے منحوس گردانتے ہیں، شاید یہی وجہ ہے کہ اس عدد کے حامل افراد کی زیادہ تعداد، مشکلات و پریشانی، مصائب و آلام و غیر یقینی حالات میں زندگی گزارتی ہے۔

عدد نمبر 8 سے تعلق رکھنے والے افراد عموماً مرنے کے بعد شہرت پاتے ہیں۔ دوسرے لوگ ان کے کاموں کو قدر و پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کی خوب تعریف و تعوصیف کی جاتی ہے۔ ان لوگوں کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ جس بات کو زندگی کا مقصد بنالیں اس کو مکمل کر کے ہی دم لیتے ہیں انہیں اس بات کی قطعی پرواہ نہیں ہوتی کہ لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور ان کے اس عمل سے کون ان کا دشمن بن رہا ہے۔ حالانکہ چہرے سے یہ لوگ بہت گھرے اور سرد مہر نظر آتے ہیں مگر ایسا ہے نہیں اپنی ذات کے اندر یہ لوگ محبت کرنے والے اور گرم جوش ہوتے ہیں تاہم دوسرے لوگوں کو اس کا احساس نہیں ہوتا اور اس میں بھی غلطی عدد نمبر 8 والوں کی ہی ہے۔

عدد نمبر 8 کے خواص کچھ اس طرح کے ہیں جن کی خصوصیات بیان کرنا ذرا مشکل کام ہے۔ کیونکہ اس عدد سے متعلق افراد دو دنیاؤں سے تعلق رکھتے ہیں۔ وضاحت کچھ یوں ہے کہ ایک مادی دنیا کہلاتی ہے جب کہ دوسری روحانی دنیا یہ افراد ان دو دنیاؤں کے درمیان ایسے دائروں میں گھرے ہوئے ہیں جو باہم مربوط ہو۔ اس لئے ان لوگوں کے لئے کوئی قیاس کرنا یا پیش گوئی کرنا کچھ مشکل ہی ہوتا ہے۔

قدیم زمانے سے عدد نمبر 8 کو ایک خاص حیثیت حاصل رہی ہے، پہلے نمبر پر تو یہ کہ اس عدد کو اچھا اور مبارک نہیں سمجھا جاتا۔ دوسرے یہ کہ بد نظمی، خودسری، غلط فہمی اور انقلابات کی نمائندگی کرتا نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی یہ عدد مذہبی

رجحانات، فلسفیانہ خیالات اور تقدیر پر یقین کا مظہر سمجھا جاتا ہے۔ اس عدد کے حامل افراد کو ہمیشہ اچھے اور قابل اعتماد دوستوں کی تلاش رہتی ہے۔ اس میں زیادہ تر ناکام رہتے ہیں کیونکہ دوستوں کے انتخاب میں انہیں اکثر دوسروں سے مایوسی اور غلط فہمی رہتی ہے۔ اگرچہ یہ افراد معصوم اور شریف ہوتے ہیں ساتھ ہی عمدہ اداکار بھی، موقع محل کو دیکھتے ہوئے اکثر اپنی اداکاری کے شاندار کردار پیش کرتے ہیں۔

عدد نمبر 8 کی حامل خواتین ہر قسم کے مردوں کو بالکل کھلی کتاب کی طرح پڑھنے کی بھرپور اور حیرت ناک صلاحیت رکھتی ہیں ساتھ ہی یہ اس خوبی کی بھی مالک ہوتی ہیں کہ جس مرد کو بھی چاہیں آسانی سے اپنی جانب متوجہ کر سکتی ہیں۔ ان خواتین کو کسی طرح بے وقوف بنانا یا دھوکہ دینا آسان کام نہیں ہوتا۔ ان کے دل و دماغ میں نئی نئی خواہشوں اور آرزوؤں کے ہجوم بگولوں کی طرح گردش کرتے ہیں۔ لیکن آپ ان کے چہروں سے کچھ اندازہ نہیں لگا سکتے۔ جب کہ یہ آپ کا چہرہ پڑھنے کے فن سے بخوبی واقف ہوتی ہیں۔ یہ خواتین ہر قسم کے تعلقات میں مختلف مدارج سے گزرتی نظر آتی ہیں۔ یہ جنسی تعلقات اور ازدواجی زندگی میں شدت پسند نظر آتی ہیں۔ تاہم دوسرے لوگوں اور بچوں سے ان کا رویہ قدرے محتاط، خوشگوار اور عمدہ ہوتا ہے۔

جن مشکلات سے دوسری خواتین پریشانی اور مشکلات محسوس کرتی ہیں یہ خواتین ان مرحلوں کو انتہائی آسانی سے برداشت کرتی ہوئی نکل آتی ہیں۔ یہ خواتین بلاشبہ بہت محبت کرنے والی ثابت ہوتی ہیں بشرطیکہ ان کا محبوب یا شریک حیات ان کو مکمل اور بھرپور محبت و پیار دیتا رہے۔ محبت کے حوالے سے بھی شدت پسند ہوتی ہیں۔ اگر مشکلات کا ایک پہاڑ بھی ان کی راہ میں حائل ہو تو اپنے محبوب کی خاطر اس میں سے بھی اپنا راستہ بناتے ہوئے نہایت کر وفر اور

تمکنت کے ساتھ اس تک پہنچ جاتی ہیں۔ اگر عدد نمبر 8 کی خاتون کسی کی بیوی ہے اور اس کا شوہر اس پر مکمل توجہ دیتا ہے تو ایسی شاندار اور ٹوٹ کر محبت کرنے والی بیوی کسی دوسرے مرد کو نہیں مل سکتی۔

مبارک دن

عدد نمبر 8 کے حامل حضرات وخواتین کے لئے موزوں وسعد دن ہفتے کا ہے۔ ان لوگوں کو چاہیئے مناسب امور اور کاموں کے لئے ہفتہ کے دن کا انتخاب کریں بہت کامیاب رہیں گے۔

سعد تاریخ

اس عدد کے مالک افراد کے لئے کسی بھی مہینے کی 8-17-26 تاریخیں مبارک ثابت ہوتی ہیں اپنے رکے ہوئے اور نئے کام انہی تاریخوں سے شروع کریں۔ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

موزوں نگینہ

عدد نمبر 8 کے لوگوں کو انگوٹھی میں گہرا نگین نیلم سوٹ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ بلڈ اسٹون بھی پہن سکتے ہیں دونوں پتھر مبارک اور موزوں ثابت ہوں گے۔

موافق رنگ

ان افراد وخواتین کے لئے جو رنگ موزوں وموافق ثابت ہو سکتے ہیں ان میں، گہرا، نیلا، سلیٹی، کالا، سفید اور ارغوانی رنگ شامل ہیں۔

انقلابی مہینے

دیگر افراد کی طرح عدد نمبر 8 کے حامل افراد کے لئے جو مہینے انقلابی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں ان میں دسمبر، جنوری، فروری اور جولائی کے مہینے

شامل ہیں۔ ان ماہ میں متاطر رہیں۔

اہم سال

عدد نمبر 8 سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے ہر وہ سال بنیادی اہمیت کا حامل سال ثابت ہوگا۔ جس کا مفرد عدد "8" ہو۔ منفی اور مثبت دونوں ہی حالات ہو سکتے ہیں۔

چند مشہور شخصیات

اسٹالن، انڈین اداکارہ ہیمامالینی، اداکار امیتابھ بچن، وکٹر ہیوگو، بارنرڈ شاہ، مائیکل انجیلو، ملکہ میری، پرنس البرٹ، الفانسو شہتم اور البرٹ آئن اسٹائن وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

عدد نمبر 8 کے مالک افراد و خواتین کے لئے عمدہ ترین دوست و احباب عدد نمبر 2 کے حامل افراد ثابت ہوتے ہیں۔ عدد نمبر 4 اور عدد نمبر 1 کے مالک افراد سے بھی آپ کے خوشگوار تعلقات قائم ہو سکتے ہیں جب کہ عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 6 کے حامل افراد سے رابطہ بالکل نہ بڑھائیں۔

ممکنہ موزوں پیشے

اس عدد کے مالک افراد کے لئے جن شعبوں میں کامیابی کے روشن امکانات ہیں ان میں لیکچرار شعبہ طباعت و اشاعت، نرسنگ، سیاست، فرنیچر سازی، فوڈ بزنس اور آرائش و زیبائش وغیرہ ہیں۔

شریک حیات

ہزاروں جذبات کے ساتھ زندگی کا اہم ترین فیصلہ جیون ساتھی کا انتخاب

ہے۔ صحیح اور غلط فیصلے سے دنیا جنت اور جہنم بن جاتی ہے۔ بہرحال آپ کی کوشش یہ ہونی چاہئے کہ آپ کے شریک سفر کے نام کا عدد "2" ہو یا پھر عدد نمبر "4" اور عدد نمبر 1 کے حامل افراد بھی بہترین ہم سفر ثابت ہو سکتے ہیں۔ زندگی خوشگوار رہے گی تاہم عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 6 کے مالک افراد سے عدد نمبر 8 والے اپنے جیون ساتھی کا انتخاب بالکل نہ کریں۔ یہ اعداد آپ کے نام کے عدد سے ہم آہنگ نہیں۔ اس کتاب کا باب "اعداد کا طلسم کدہ" بار بار پڑھیں بات کی وضاحت ہو جائے گی۔

تندرستی اور علاج

عدد نمبر 8 کے حامل افراد کے لئے عموماً جن بیماریوں کیوجہ سے پریشانی رہتی ہے ان میں، گھٹیا، خون کی خرابی، جگر کی مختلف بیماریاں، آنتوں کی خرابی اور سر درد وغیرہ شامل ہیں ان لوگوں کو چاہیئے کہ گوشت میں بکرے کا گوشت، مچھلی اور مرغی استعمال کریں ساتھ ہی اسپغول کی بھوسی، سبزیاں اور پھلوں کا استعمال بھی جاری رکھیں۔ بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔

آپ کا وظیفہ

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے کسی ایک نام، جس کا مفرد عدد "8" ہو۔ کا ورد جاری رکھیں انشا اللہ تعالیٰ آپ کی تمام مشکلات اور پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔

عدد نمبر ''9'' کا تعارف اور خصوصیت

عدد نمبر 9 کے مالک افراد و خواتین کا تعلق سیارہ مریخ سے ہوتا ہے۔ عنصر ان کا آتش (آگ) ہے۔ اپنی مرضی کے مالک اور خود مختار ہوتے ہیں۔ کسی قسم کا حکم سننا اور ماننا ان کی سرشت میں نہیں ہوتا۔ تاہم عجلت پسند، جلد باز اور فوری طیش میں آجانے کے اوصاف رکھتے ہیں۔ ابتدا میں ان لوگوں کو پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ لیکن پھر زندگی میں کامیابی آجاتی ہے۔ ان لوگوں میں تنظیمی اور قیادت کی صلاحیت بہت ہوتی ہے تاہم کامیاب جبھی ہوتے ہیں کہ تمام اختیارات ان کے ہاتھ میں ہوں یہ ہر معاملے میں ہر پہلو سے کسی بھی پروجیکٹ کی تنظیم نو خود کرتے ہیں۔ یہ افراد دوسروں کی تنقید کو نہ تو برداشت کرتے ہیں اور نہ ہی اہمیت دیتے ہیں۔

عدد نمبر 9 کے حامل افراد سچے اور مخلص لیکن جذباتی ہوتے ہیں عدد نمبر 9 کو قسمت والا عدد بھی سمجھا جاتا ہے۔ چونکہ ذہین ہوتے ہیں اپنے اصولوں کے تحت فیصلے کرتے ہیں اس لئے شادی شدہ افراد کو اکثر و بیشتر خانگی جھگڑوں کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حتیٰ کہ شریک حیات کے علاوہ سسرال والوں سے بھی

ناخوشگوار تعلقات ہو جاتے ہیں۔ ان میں بہترین قائدانہ صلاحیتیں ہوتی ہیں۔ بہتر سپاہی ثابت ہو سکتے ہیں۔ مزاجی طور پر خود مختار اور اپنی مرضی کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر یہ سپاہی ہیں تو بہت جنابجو ثابت ہوتے ہیں جد و جہد اور جنگ و بدل کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے شاید یہی وجہ ہے کہ عموماً جنگوں میں مارے جاتے ہیں۔

ذہین اور قائدانہ صلاحتیں ہونے کے باوجود ان کا سب سے منفی اور خطرناک پہلو یہ ہے کہ بہت جلد باز ہوتے ہیں خواہ گفتگو ہو یا عملی کام بہت زیادہ جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور کبھی کبھار یہی جلدی اور جلد بازی ان کے لئے مہلک اور نقصان دہ ثابت ہوتی ہے لیکن اپنے اس منفی پہلو سے چھٹکارا نہیں پاتے۔ ان لوگوں کو خود پر کچھ زیادہ ہی بھروسہ ہوتا ہے۔ اپنے بارے میں ان کی رائے ضرورت سے زیادہ اچھی ہوتی ہے اسی وجہ سے دوسروں کی بات ایک کان سے سن کر دوسرے سے نکال دیتے ہیں۔ تنقید خواہ کیسی بھی ہو انہیں برداشت نہیں ہوتی۔ ان کی سوچ کا محور صرف یہ ہوتا ہے کہ گھر اور ان کے خاندان کے لوگ انہیں سربراہ یا لیڈر مانیں اور صرف ان کے مشوروں پر عمل کریں۔

عدد نمبر 9 کے مالک خواتین و حضرات عجیب و غریب انداز میں آگ کے حادثات یا دھماکے والی اشیاء مثلاً بموں کی لپٹ میں آجاتے ہیں۔ لازمی ہے کہ یہ افراد آگ اور دھماکے والی چیزوں سے دور رہیں۔ خدانخواستہ یہ لوگ آگ وغیرہ کے حادثے میں زیادہ جل جائیں تو ان کے بچنے کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو زندگی میں کئی مرتبہ آپریشن کے تکلیف دہ مرحلے سے بھی گزرنا

پڑتا ہے۔ بہت سی خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی قدر کم ہی ہوتی ہے۔ کسی بھی کام یا تنظیم کو یہ لوگ نہایت عمدگی اور اپنے اصولوں پر چلا سکتے ہیں بشرطیکہ ان کے معاملات میں کوئی ٹانگ نہ اڑائے۔ اگر کہیں ایسی مجبوری آ جائے تو ہمت ہار بیٹھتے ہیں اور اس کام سے کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں۔ انہیں دوسروں کی مداخلت قطعاً پسند نہیں آتی۔ ذہین ہونے کے باوجود چونکہ مخلص اور سچے ہوتے ہیں اس لئے انہیں بہت جلد بے وقوف بنایا جا سکتا ہے۔

علم الاعداد میں عدد نمبر 9 کو بڑا مبارک سمجھا جاتا ہے اور یہ حقیقت بھی ہے اس عدد کے حامل بہت خوش نصیب ہو سکتے ہیں اگر اپنی خامیوں پر قابو پالیں۔ دو خامیاں سے تو چھٹکارا پانا لازمی ہے۔ جلد بازی اور طیش میں آ جانا اور یہ دونوں خامیوں ہی عدد نمبر 9 والوں کی دشمن خاص ہیں۔

عدد نمبر 9 کے مالک افراد گوناگوں خوبیوں کے حامل ہوتے ہیں۔ سیر و سیاحت کے دلدادہ ہر یقینی اور غیر یقینی حالات سے نمٹنے والے، عمدہ منصوبہ بندی کے مالک، عموماً ہر معاملے میں سفاک صاف گوئی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ خالی بیٹھنا تو انہیں پسند ہی نہیں ہوتا کسی نہ کسی کام میں مصروفیت نکال لیتے ہیں۔ روپے پیسے کا لالچ سے زیادہ انہیں اپنی کارگزاری اور امور سے دلچسپی ہوتی ہے۔ طبعاً مستعد اور چاق و چوبند مزاج کے حامل و مالک ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 9 کی حامل خواتین نہایت حوصلہ مند اور جذباتی ہوتی ہیں۔ مضبوط قوت ارادی کی مالک ہوتی ہیں اس لئے زندگی کے دکھ درد اور مسائل ان کو پریشان نہیں کر سکتے۔ عدد نمبر 9 کی خواتین کے لئے مشہور عالم یورپی منجم "لنڈا

گولڈ مین'' کہتی ہے۔ ''کہ عدد نمبر 9 کی مالک خاتون پرکشش خوبصورت اور قدر آور ہوتی ہے اس میں ایسی خوبیاں ہوتی ہیں۔ جن کی تلاش ہر مرد کو رہتی ہے۔''

اس عدد کی زیر اثر خواتین دوسری خواتین کی نسبت رقابت بھی کم ہی رکھتی ہے یہ خواتین اپنے شریک حیات اور مجازی خدا سے تکرار نہیں کرتیں تاہم یہ بھی نہیں چاہتیں کہ ان کا جیون ساتھی دوسری عورتوں میں دلچسپی لے۔ اور ان ہی خواتین پر کیا موقوف تمام خواتین کا مزاج یہی ہوتا ہے کہ ان کا شوہر صرف انہیں چاہے اور ان سے محبت کرے۔ ادھر ان خواتین میں خوبیوں کے بہت سے اوصاف ہوتے ہیں مثلاً زبانی جمع خرچ کے بجائے عمل زندگی کو پسند کرتی ہیں اور عمل پیرا ہوتی ہیں۔ شریک حیات کے حوالے سے ان خواتین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کا جیون ساتھی محبت کرنے والا، سچا، مخلص اور جذباتی ہو جو ان کی صحیح انداز میں پذیرائی کرے اور ٹوٹ کر چاہے۔ جواب میں یہ خواتین بھی اسی ردعمل کا مظاہرہ کرتی ہیں۔

یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ عدد نمبر 9 سے تعلق رکھنے والی خواتین ذہین ہونے کے باوجود، منطق اور فلسفہ جیسے خشک موضوع سے دلچسپی نہیں رکھتیں۔ چونکہ ان کا عنصر آگ ہے اور اسی وجہ سے شدت پسند اور بے حد جذباتی ہوتی ہیں۔

مبارک دن

عدد نمبر 9 سے متعلق خواتین وحضرات کے لئے مبارک دن ''منگل'' ہے اپنی خواہشوں کی تکمیل، نئے کام اور دوران سفر کے لئے ''منگل'' کا دن آپ

کے لئے بہت موزوں و مبارک ثابت ہوگا۔

سعد تاریخ

ہر مہینے کی 9-18-27 تاریخیں آپ کے لئے مبارک ثابت ہوں گی۔ کیونکہ ان تاریخوں کا مفرد عدد آپ کے عدد کی طرح "9" ہے۔ عمل کریں اور کامیاب ہو جائیں۔

موزوں نگینہ

چاندی کی انگوٹھی میں عقیق سرخ اس طرح پہنیں کہ پتھر آپ کی انگلی سے مس ہوتا رہے اس کے علاوہ سرخ رنگ کے تمام نگینے آپ کے لئے موزوں ثابت ہو سکتے ہیں۔

موافق رنگ

عدد نمبر 9 کے مالک افراد کے لئے گلابی رنگ، گہرا عقابی، سرخ اور کلیجی رنگ بہت موزوں ثابت ہوتے ہیں ویسے بھی آپ کا ستارہ مریخ "سرخ ستارہ" کہلاتا ہے۔

انقلابی مہینے

کسی بھی سال کے اپریل، مئی، اکتوبر اور نومبر کے مہینے آپ کی زندگی میں انقلابی و بنیادی تبدیلی و تغیر کے حامل ثابت ہوں گے۔ اب معلومات ہو جانے کے بعد کامیابی آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اہم سال

آپ کی زندگی میں ہر وہ سال اہم تبدیلیوں کا حامل ہوگا جس کا مفرد عدد "9" ہو اپنی صلاحیتوں اور خوبیوں سے عدد نمبر 9 کے سال سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔

چند مشہور شخصیات

سابق امریکی صدر آئزن ہاور، شہرہ آفاق مخیم لنڈا گولڈ مین، ہیز ہائی نس سر آغا خان سوئیم، شاہ ایڈورڈ ہفتم، مولانا ابوالکلام آزاد اور بھاپ کے انجن کا موجد جارج اسٹیفن وغیرہ۔

حلقہ دوست اور احباب

رشتہ داری اور دوستی کا رشتہ دائمی حیثیت رکھتا ہے۔ عدد نمبر 9 کے حامل مرد وخواتین کے لئے عدد نمبر 1 سے تعلقات سدا خوش گوار رہتے ہیں اس کے علاوہ عدد نمبر 2 عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 6 کے مالک افراد ہمیشہ مستحکم اور خوشگوار ثابت ہوں گے جب کہ عدد نمبر 7 سے ہر طرح اور ہر وقت محتاط رہیں۔

ممکنہ موزوں پیشے

اخبار و رسائل کی رپورٹنگ، سرجری کے شعبے، پیشہ ور کھلاڑی، تمام کاروباری شعبے، فوجی ملازمت، میکنک کے امور، تحقیق و ایجاد، خلا پیمائی اور شعبہ تصنیف و تالیف وغیرہ۔

شریک حیات

آپ مرد ہوں یا خاتون انتخاب کے وقت کوشش کیجئے کہ آپ کے جیون ساتھی کے نام کا عدد "1" ہو دیگر اعداد میں عدد نمبر 2 عدد نمبر 3 اور عدد نمبر 6 ان اعداد کے مالک افراد میں سے کسی کا بھی انتخاب کرلیں تمام زندگی عمدہ اور خوشگوار گزارے گی۔ جیون ساتھی کے انتخاب کے وقت اپنے جیون ساتھی کا نام معلوم کرلیں اور دیکھیں کے اس کے نام کا عدد "7" تو نہیں اگر ایسا ہوا تو زندگی جہنم کا نمونہ بن جائے گی۔ اس سلسلے میں ہم نے تفصیلی طور پر اس کتاب کے باب "اعداد کا طلسم کدہ" میں روشنی ڈالی ہے اسے دوبارہ پڑھ لیں۔

تندرستی اور علاج

عدد نمبر 9 کے زیر اثر افراد و خواتین، بلڈ پریشر، بدہضمی، بخار، ذہنی ٹینشن وغیرہ کے شکار نظر آتے ہیں یا یہ بیماریاں ان کو لاحق ہو سکتی ہیں ان کے لئے مناسب یہ ہے کہ صبح نہار منہ ایک سے ڈیڑھ دو گلاس پانی پئیں پھر ناشتہ کریں۔ ہر قسم کی نشہ آور چیزوں سے پرہیز کریں۔ لہسن پیاز، ادرک اور پھلوں کا استعمال زیادہ کریں تو مناسب ہوگا۔

آپ کا وظیفہ

اللہ جل جلالہ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام جس کا مفرد عدد "9" ہو۔ اس کا ورد کریں وقت کی قید نہیں، رات کو سوتے وقت تسبیح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

مرکب اعداد کا تعارف وخصوصیات

علم الاعداد میں عدد نمبر ا سے عدد نمبر 9 تک مفرد اور بنیادی اشاروں کا آغاز سمجھے جاتے ہیں۔ اور اس کے بعد تمام عددوں کا شمار مرکب اعداد میں ہوتا ہے اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری وساری رہتا ہے۔ جب تک عدد نمبر 9 پانچ مرتبہ نہیں آجاتا۔ یوں "45" میں جمع کیا جاتا ہے۔ (خیال رہے کہ عدد "7" ہفتے کے ساتھ دنوں کی نمائندگی کرتا ہے) اس طرح "52" کا مرکب عدد سامنے آتا ہے۔ یہ عدد سال کے "52 ہفتوں" کی نشاندھی کرتا ہے۔

علم نجوم (برج ستارے اور سیاروں کا علم) کی طرح حرفوں کا تعلق اعداد کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ علم الاعداد میں "9" ہی ایک ایسا عدد ہے۔ جسے کسی بھی عدد سے ضرب دیں۔ حاصل ضرب "9" ہی حاصل ہوگا۔ اگر مرکب عدد "52" کو پھر سے عدد "7" سے ضرب دیں تو حاصل ضرب "364" آئے

گا۔ یہ عدد قدیم زمانوں کے دنوں کی عکاسی کرتا ہے۔ عمر قدیم میں سال کے ''364'' دن گزر جانے کے بعد ''365'' ویں دن لوگ عظیم الشان تہوار مناتے تھے۔ تہوار کے دن کسی انسان سے تو کجا، جانور تک سے کام نہیں لیا جاتا تھا۔ ''365'' کا یہ عدد سورج کے اس مخصوص راستے پر مشتمل ہے۔ جو وہ اپنے بارہ وقفوں (منطقہ البروج) سے گزرتے ہوئے استعمال کرتا ہے۔ اور ہم اسے سال گزرنا کہتے ہیں۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ عدد نمبر 1 سے عدد نمبر 9 تک مفرد اعداد ہیں۔ اور ان سے انسان کی وہ شخصیت اور حیثیت عبارت ہے۔ جو لوگوں کے سامنے ہوتی ہے یا نظر آتی ہے۔ اس کے برعکس مرکب اعداد انسان کے اندرونی پوشیدہ اور چھپے ہوئے پراسرار طاقتوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔ آپ اسے انسان کی شخصیت اور کردار بھی کہہ سکتے ہیں۔

اب ذرا آیئے مرکب اعداد کی جانب، عہد قدیم میں تمام مرکب اعداد کو تصویروں کے ذریعے بنایا اور سمجھایا گیا تھا۔ انہی تصویروں کو الفاظ کا روپ دیکر مرکب اعداد کی تعریف اور خصوصیات تحریر کی جارہی ہیں اگر آپ کو علم الاعداد سے دلچسپی ہے تو درج ذیل تفصیل توجہ اور غور سے پڑھیئے۔ یہ اتنا دلچسپ علم ہے کہ آپ اس میں محو ہو جائیں گے۔

عدد نمبر 10:۔ یہ عدد عروج و زوال کا عدد ہے۔ اس عدد کو قسمت کا چکر بھی سمجھا جاتا ہے۔ اس عدد کے حامل افراد اپنی خواہش کے مطابق اچھائی یا برائی میں شہرت حاصل کرتے ہیں۔ تاہم یہ عدد مبارک بھی ہے۔ کیونکہ جس کا یہ عدد

ہوگا عموماً اس کے تمام امور اور منصوبے مکمل ہو جاتے ہیں یعنی کہا جا سکتا ہے کہ مذکورہ عدد تخت یا تختہ کی سی حیثیت واہمیت رکھتا ہے۔

عدد نمبر 11:۔ یہ عدد مشکلات اور خطرات کی نہ صرف نشاندہی کرتا ہے بلکہ ہوشیار بھی کرتا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ زندگی کے سفر میں حامل عدد کو بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

عدد نمبر 12:۔ اس عدد سے منسلک افراد زیادہ تر الجھنوں، مشکلات اور دوسروں کی سازشوں کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ ذہنی پریشانیوں اور انتشار کا حامل عدد ہے۔

عدد نمبر 13:۔ آج کے یورپ میں اس عدد کو منحوس تصور کیا جاتا ہے۔ در حقیقت یہ عدد تغیر و تبدیلیوں کا حامل عدد ہے اگر مثبت پہلو کے اوصاف ہوں تو حکومت اور طاقت حاصل ہو سکتی ہے اور اگر منفی انداز میں چلا گیا تو تباہی مقدر ہے۔

عدد نمبر 14:۔ یہ عدد، حرکات، اشیاء اور اشخاص کے اجتماع کا نام ہے۔ قدرتی آفات مثلاً، سیلاب، طوفان بادباراں، زلزلے اور مختلف قدرتی آفات سے خطرے کی نشاندہی کرتا ہے۔ کاروباری حضرات کے لئے اچھا عدد سمجھا جاتا ہے لیکن ساتھ ساتھ ہمیشہ خطرہ و خدشہ بھی اس سے وابستہ رہتا ہے۔ اگر مستقبل کے حالات دیکھتے ہوئے یہ عدد نکل آئے تو مکمل احتیاط اور پیش بندی سے کام لینا چاہیئے۔ مثلاً سیلاب کی شکل میں اس کے تدارک کے لئے تیار رہیں۔

عدد نمبر 15:۔ اسرار سحر کا حامل یہ عدد اپنے دامن میں مختلف رموز رکھتا ہے۔ اگر چہ یہ آگاہی کا عدد ہے لیکن اس کے حامل بہت سے افراد جادو ٹونے کرتے ہیں اور کرواتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ عدد فنکاروں کی نمائندگی کرتا ہے

اس عدد کے زیر اثر افراد، اداکاری، مصوری، موسیقی، سنگ تراشی، گلوکاری، تمثیل نگاری اور نقاشی کا رجحان پایا جاتا ہے۔

عدد نمبر 16:۔ بہت ہی عجیب و غریب حالات و علامات کا حامل عدد ہے۔ ہر قسم کے خطرات حادثات اور منصوبوں کی ناکامی کا موجب ہے۔ آنے والے پریشان کن حالات کی ناکامی کے لئے عدد نمبر 16 عمدہ اور اچھا ہے۔

عدد نمبر 17:۔ یہ حیات ابدی کا عدد سمجھا جاتا ہے۔ روحانیت کے خواص رکھتا ہے اس لئے اسے روحانی عدد بھی کہا جاتا ہے۔ مستقبل کے اندیشوں سے پیچھا چھڑا کر اگر روحانیت میں محنت کی جائے تو سونے پر سہاگہ، چونکہ اس کا تعلق ستارہ زہرہ سے ہے اسی لئے محبت سکون اور روحانیت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

عدد نمبر 18:۔ اس عدد سے متعلق حضرات، پریشانیوں، مختلف النوع انقلابات، خانگی اور معاشی مصائب اور تلخ حالات سے دوچار ہوتے ہیں۔ بہر حال پریشان کن حالات و مشکلات کا حامل یہ عدد اپنے اثرات کے تحت عجیب ہی خاصیت رکھتا ہے۔

عدد نمبر 19:۔ یہ عدد مقدر والوں کا ہوتا ہے اپنے خواص کی بنا پر عزت و توقیر، کامیابی اور پر مسرت عدد ہے ہر طرح موافق و مبارک عدد، سورج کا مظہر ہے۔ جس طرح تمام سیاروں میں سب سے بڑا اور سب سے روشن سورج ہے بالکل اسی طرح اس عدد کے حامل افراد مستقبل کے منصوبوں میں نمایاں کامیاب نظر آتے ہیں خوش قسمت عدد ہے۔

عدد نمبر 20:۔ یہ مادی طور پر قابل فخر اور قابل مبارک عدد نہیں۔ مادی

سلسلوں میں کسی قسم کی امداد بہم نہیں پہنچاتا۔ اس کے ساتھ ہی اگر مستقبل کے لئے استعمال میں لایا جائے تو بھی مشکلات اور رکاوٹوں کا علمبردار نظر آتا ہے۔

عدد نمبر 21:۔ مسلسل کامرانی و کامیابی کے اثرات سے مرصع یہ عدد خوش قسمتی کی علامت ہے۔ ساتھ ہی مستقبل کے ساتھ یہ عدد ظاہر ہو تو اور بھی عمدہ اور بہتر بات ہے۔

عدد نمبر 22:۔ اس عدد کے اثرات کے تحت اچھا انسان بھی الٹے سیدھے فیصلے کر کے اپنے آپ کو خراب کر لیتا ہے۔ شاید یہ اس عدد کے خواص ہیں کہ اس کے زیر اثر آنے والے خیالوں کی دنیا میں مگن رہتے ہوئے خوابوں کی دنیا میں پروگرام بناتے ہیں لیکن حقیقی دنیا میں ان کی کامیابی کا تناسب زیرو ہی نظر آتا ہے۔

عدد نمبر 23:۔ یہ عدد جس کا مفرد عدد "5" بنتا ہے۔ اس کے حامل افراد اپنے مقاصد میں کامیاب اور کامران رہتے ہیں۔ یہ لوگ مسلسل جدوجہد میں مصروف کار نظر آتے ہیں اور عدد کے خواص کے اثرات سے عام طور سے ہر معاملے میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔

عدد نمبر 24:۔ اس کا شمار بھی عمدہ اور خوش قسمت اعداد میں ہوتا ہے۔ ان افراد کو جنس مخالف کی طرف سے پذیرائی ملتی ہے تاہم جہد مسلسل کا متقاضی عدد ہے ساتھ ہی یہ عدد اگر مستقبل میں نظر آئے تو اچھا اور بہتر ثابت ہوتا ہے۔

عدد نمبر 25:۔ مذکورہ عدد کو بہت زیادہ مبارک عدد نہیں سمجھا جاتا تاہم برا عدد بھی نہیں ہے اس عدد کے حامل افراد کو کامیابی ملتی ضرور ہے مگر بے انتہا

مشکلات اور دشواریوں کے بعد، اس عدد کے اثرات مستقبل کے لئے اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 26:۔ اس عدد کو ہم مناسب اور اچھا ہی خیال کریں گے سمجھ دار افراد کے لئے یہ اچھا عدد ہے۔ یہ آنے والے وقت کی مشکلات اور پریشانیوں سے آگاہی کا باعث عدد ہے۔ ایسی پیش گوئی اور حالات سے آگاہی جس کی بنا پر کاروباری لوگوں کو اور رشتہ داروں کی وجہ سے آپ کو پریشانی یا مشکل ہو سکتی ہے اس سے آگاہ کرتا ہے۔

عدد نمبر 27:۔ قوت کا حامل مبارک عدد سمجھا جاتا ہے۔ اس عدد کے حامل افراد اس وقت اپنے منصوبوں میں لازمی کامیاب ہوتے ہیں جب وہ محنت اور لگن سے اپنے منصوبوں پر عمل کریں۔ تخلیق کاروں کے لئے بہت مبارک اور کارآمد عدد ہے۔ اگر اس عدد کے حامل اپنے امور میں مخلص ہو کر جدوجہد کریں تو کامیابی بھی ہے۔

عدد نمبر 28:۔ اختلافات اور پریشان کن حالات وواقعات کا مظہر عدد ہے۔ غیر متوقع دھوکہ بازی، اپنوں سے غداری، رنجش و پریشانی کا یہ منبع عدد، بہرحال مناسب تصور نہیں کیا جاتا۔ اس عدد کے مالک توقعات کے حوالے سے اپنوں ہی سے نقصان اٹھاتے ہیں۔ کورٹ، عدالت، مقدمہ بازی اس عدد کے اثرات میں شامل ہیں۔

عدد نمبر 29:۔ یہ عدد بھی نمبر 28 کی طرح اپنے خواص و اثرات رکھتا ہے بلکہ بہت ہی ملتے جلتے حالات دونوں عدد والوں پر گزرتے ہیں۔ وہی

غداری، غیر متوقع حالات، اپنوں کی دل شکنی اور صنف مخالف کا مخالف رویہ جس کی وجہ سے اس عدد کے حامل افراد کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ مستقبل کے حوالے سے بھی کوئی زیادہ اچھی توقعات قائم نہیں کی جا سکتی یہ عدد مصائب اور پریشانی کی نشاندہی کرتا ہے۔

عدد نمبر 30:۔ یہ ایک غیر جانبدار صفات کا حامل عدد ہے۔ نہ ہی منحوس کہہ سکتے ہیں اور نہ ہی مبارک عدد کے زمرے میں آتا ہے اچھائی اور برائی، خوش نصیبی اور بدقسمتی اس عدد کے متعلق افراد کے ساتھ اس حوالے سے تعلق رکھتی ہے کہ جو متعلقہ عدد کے حامل شخص کی نیت ہوگی وہی وقوع پذیر ہوگا۔ یہ عمل پر منحصر ہے اچھے کام والوں کے لئے یہ عدد بہت طاقتور اور نا اہل افراد کے لئے معمولی عدد ہی ثابت ہوگا۔ اہلیت پر منحصر ہے۔

عدد نمبر 31:۔ اس عدد کی خصوصیات بھی قابل ذکر نہیں ٹھہرتیں، تاہم اس عدد کے مالک میں عدد نمبر 30 کے اہل کاروں میں ایک بات مختلف ہوتی ہے عدد نمبر 31 کے حامل افراد اپنے خیالوں میں مگن رہتے ہیں ان کی اپنی ہی ایک خیالی دنیا ہوتی ہے۔ یہ لوگ قدرے تنہائی پسند ہوتے ہیں۔ دیگر لوگوں سے زیادہ میل جول رکھنا پسند نہیں کرتے۔ اپنی ذات میں مگن اور زیادہ خاموش گو ہوتے ہیں۔ تقاریب اور محفلوں میں ایسے لوگوں کی زیادہ پذیرائی نہیں ہوتی، معاشرتی اعتبار و حالات کے تناظر میں بھی ان کی پوزیشن کو بہتر نہیں سمجھا جا سکتا۔ بہر حال انہیں خوش قسمتی کے زمرے میں نہیں لا سکتے۔

عدد نمبر 32:۔ اس عدد کا مفرد ''5'' بنتا ہے۔ جو خوشگوار طاقت مسحور کن

حیثیت کا حامل عدد ہے۔ اس عدد کے حامل افراد اگر خلوص نیت اور دل جمعی سے اپنے فیصلوں منصوبوں اور نظریات پر عملدرآمد کریں تو یہ عدد ان لوگوں کے لئے مناسب ہی نہیں بہت اچھا ثابت ہوگا۔ پھر یہ کہ اگر اس کا تعلق مستقبل کے حوالے سے عمدہ ثابت ہوگا۔

عدد نمبر 33:۔ اس عدد کی خصوصیت بالکل عدد نمبر 6 اور عدد نمبر 24 کے مطابق ہے کیونکہ 33 کا مفرد عدد بھی "6" ہے اور "24" کا مفرد عدد بھی "6"۔

عدد نمبر 34:۔ اس عدد کے خواص نمبر 25 کی طرح ہیں اگر مفرد عدد نکالیں تو دونوں کا مفرد عدد "7" آئے گا۔

عدد نمبر 35:۔ یہ عدد بھی عدد نمبر 26 کے خواص اور اثرات رکھتا ہے۔ دونوں عددوں کا مفرد عدد "8" ہے اور دونوں کے خواص یکساں ہیں۔

عدد نمبر 37:۔ یہ مرکب عدد پاورفل اور نمایاں اثرات کا حامل ہے۔ یہ افراد صنف مخالف کے معاملوں میں بہت کامیاب رہتے ہیں تعلقات استوار کرنے میں دیر نہیں لگتی۔ کاروباری شراکت اور دوستی کے حوالے سے بھی کامیاب عدد ہے۔ حتیٰ کہ اس عدد کو مستقبل میں بھی کامیابی حاصل رہتی ہے۔

عدد نمبر 38:۔ اپنے خواص اور اثرات کے حوالے سے عدد "29" کی خصوصیات رکھتا ہے۔

عدد نمبر 39:۔ یہ عدد بھی عدد نمبر 30 کے اوصاف وخصوصیات رکھتا ہے۔

عدد نمبر 40:۔ عدد نمبر 31 اور اس عدد کی خصوصیت واثرات یکساں ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 41:۔ اپنے اثرات وخصوصیت کی بنا پر عدد نمبر 32 کے خواص رکھتا ہے۔

عدد نمبر 42:۔ اس عدد کے اور عدد نمبر 24 کے اثرات یکساں ہوتے ہیں دونوں کا مفرد عدد ''6'' نکلتا ہے۔

عدد نمبر 43:۔ حیرت انگیز طور پر اس عدد کو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے اثرات وخواص میں سوائے آفتوں، مصیبتوں اور پریشانی کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔

ان تمام اعداد کے خواص واثرات کچھ اس طرح ہیں

عدد نمبر 44 اس عدد کی خصوصیت عدد نمبر 26 کی طرح ہے۔

عدد نمبر 45 یہ عدد اپنی خصوصیت میں عدد نمبر 27 سے مطابقت رکھتا ہے۔

عدد نمبر 46 یہ عدد اپنے اثرات میں عدد نمبر 37 کی نمائندگی کرت ہے۔

عدد نمبر 47 عدد نمبر 29 اور اس عدد کی خصوصیت ایک جیسی ہے۔

عدد نمبر 48 اس عدد کے اثرات عدد نمبر 30 سے ملتے ہیں۔

عدد نمبر 49 یہ عدد اور عدد نمبر 31 یکساں اوصاف کے مالک ہیں۔

عدد نمبر 50 یہ عدد اور عدد نمبر 32 ایک جیسے خواص کے عدد شمار ہوتے ہیں۔

عدد نمبر 51:۔ علم الاعداد اور مرکب عدد میں پاور فل عدد ہے۔ فوری طور پر تعمیر اور ترقی کی نمائندگی کا حامل ہے۔ اس عدد کا مزاج جنگ جو ہے۔ سیاسی

لیڈروں اور بڑے بڑے سماجی کارکنوں کے لئے کامران وکامیابی کی نشانہ ہی کرتا ہے۔ اس عدد کے حامل افراد کو چاہیئے کہ بحری یا بری فوج میں شمولیت اختیار کریں بہت کامیاب رہیں گے یہ عدد ان کے لئے مبارک ثابت ہوگا۔ دیگر یہ کہ ترقی کا چانس اور عہدہ بڑھنے کا مرحلہ اس عدد کے حوالے سے فوری عمل میں آسکتا ہے۔

عدد نمبر 52:۔ اس عدد کے خواص واثرات عدد نمبر 43 کے اثرات سے ہم آہنگ ہوتے ہیں۔ اگر مفرد عدد نکالا جائے تو دونوں عددوں کا مفرد عدد ''7'' آئے گا۔ یکساں خصوصیت کے حامل ہیں۔

دنیا میں لاکھوں، اربوں کا حساب ''1'' سے ''9'' تک کے اعداد پر مشتمل ہے۔ یہی مفرد اعداد اربوں سے کھربوں تک جا پہنچتے ہیں۔ ''9'' کے بعد جتنے بھی عدد آتے ہیں۔ وہ انہی بنیادی 9 اعداد سے بنتے ہیں۔ مثلاً ''10'' لکھنے کے لئے ہم ''1'' کیساتھ صفر کا اضافہ کرتے ہیں۔ اور ''11'' لکھنے کے لئے عدد ''1'' کو دومرتبہ استعمال کرتے ہیں۔ کہنے کا مطلب یہ کہ تمام اعداد ''1'' اور ''9'' کے درمیان گھومتے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیئے کہ علم الاعداد میں صفر کو شمار نہیں کیا جاتا۔

اتنی تفصیل جاننے کے بعد یہ بات تو آپ کے علم میں آ گئی ہوگی کہ اعداد اپنے خواص اور اثرات رکھتے ہیں۔ اور یہ خواص واثرات مثبت بھی ہوتے ہیں اور منفی بھی۔ یقینی بات ہے کہ آپ منفی پہلو، اثرات یا جذبات سے پہلو تہی اختیار کریں گے کیونکہ بات آپ کی سمجھ میں آ گئی ہوگی۔ اگر پھر کوئی پہلو تشنہ رہ

گیا ہو تو آپ سے یہی گزارش ہے کہ اس کتاب کا ابتدائی باب ''اعداد کا طلسم کدہ'' دوبارہ پڑھیں بلکہ اس وقت تک توجہ سے پڑھیں جب تک تمام باتیں واضح اور عیاں ہو کر آپ کے سامنے نہیں آجاتیں اور ہمیں امید واثق ہے کہ بات سمجھ میں آجائے گی اور یوں آپ اعداد کے منفی اثرات سے محفوظ رہیں گے۔

علم الاعداد آپ کا مستقبل

ان آخری صفحات میں کچھ مستقبل کے بارے میں گفتگو کریں گے امید ہے پوری کتاب کی طرح ان چند سطور پر بھی آپ کی گہری نظر رہے گی۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر آپ نے اس چھوٹی سی کتاب کا بغور جائزہ لیا اور توجہ سے پڑھا ہوگا تو آپ بہت حد تک خود میں نمایاں اور مثبت تبدیلیاں لانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ (انشاء اللہ)

اپنے مستقبل کے متعلق سوچنے کا حق ہر شخص کو حاصل ہے۔ بلکہ یوں کہیئے کہ اپنے روشن مستقبل کے بارے میں سوچنے کا حق ہر آدمی رکھتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ روشن مستقبل کیا ہے؟

(1) کہیں سے بہت ساری دولت آ جائے۔ اور کسی خوبصورت لڑکی سے شادی ہو جائے۔

(2) ...سی صاحب حیثیت مالدار کی بیٹی سے سلسلہ چل جائے۔ تا کہ ...ولت آنے کا راستہ بنے اور آدمی دولت مند کہلائے۔

"اگر یہی سب کچھ روشن مستقبل ہے تو آپ کا عدد کچھ بھی ہو۔ آپ ناکام ...ین انسان ہیں۔ کیونکہ آپ میں کچھ بھی کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ کوئی ...دمی ...... کوئی عامل ...... اور کوئی پامیسٹ ...... آپ کو کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچا ...سکتا۔ تاہم اگر ایسی بات نہیں ہے۔ اور آپ کچھ نہ کچھ کرنے کی امنگ اور جستجو ...کھتے ہیں تو کامیابی آپ سے دور نہیں رہے گی۔"

اس مختصر کتاب کو تحریر کرنے کا اول و آخر مقصد یہی ہے کہ اگر آپ کچھ کرنا یا سیکھنا چاہتے ہیں تو دوسروں کی طرف دیکھنے کے بجائے اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں۔ اس کتاب یا پھر دوسری کسی بھی کتاب کو پڑھ کر اپنی کوتاہیاں تلاش کریں۔ اور انہیں دور کرنے کی کوشش کریں۔ دوسروں کی جن خامیوں پر آپ کی نگاہ جاتی ہے۔ انہیں درگزر کرنے کی سعی کریں۔ اپنے اور دوسرے تمام لوگوں کی خوبیاں تلاش کر کے استعمال میں لائیں اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اگر آپ اس فارمولے پر عمل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو ...... بلاشبہ آپ کے لئے ایک روشن اور تابناک مستقبل کی پیش گوئی کی جا سکتی ہے۔ خداوند کریم آپ کو مثبت پہلو اجاگر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔